Aawami News
Urdu Daily Ranchi-Kolkata-Patna
Website : www.live7tv.com
Group Editor : Aziz Burney
अवामी न्यूज़
روزنامہ
عوامی نیوز
کلکتہ • جمعہ، ۵ ستمبر ۲۰۲۵ء • بمطابق ۱۲ ربیع الاوّل ۱۴۴۷ھ •
Friday, 5th September 2025 • RNI No. WBURD/2014/56804 •
Pages-12 • 240:شمارہ • 12:جلد • KOLKATA •
E-mail- News: aawaminewskolkata@gmail.com, Advt : kolkataadvt@gmail.com,
Ph. 033-46034477 / 40651166, Fax : 033-4062-8332
₹5/- only
کوئی بھی خبر، تصویر، اطلاع، اعلان ہمیں اس واٹس ایپ نمبر پر ارسال کریں
9102122786
شادی، سالگرہ اور بچوں کی سالگرہ کی تصویر ہمیں Email کریں
کوئی بھی مشورہ یا شکایت کیلئے رابطہ کریں
directoraawaminews@gmail.com
بے باک صحافت کا علمبردار

دل کے بے پناہ گہرائیوں سے
جشن عید میلاد النبیؐ
کی پر خلوص مبارکباد

جشن عید میلاد النبی ﷺ

بلغ العلیٰ بکمالہٖ
کشف الدجیٰ بجمالہٖ
حسنت جمیع خصالہٖ
صلوا علیہ وآلہٖ

وہ نبیوں میں رحمت لقب پانے والا | وہ مرادیں غریبوں کی بر لانے والا

آقا و مولا مدینے کی تاجدار، غریبوں کے غم خوار
محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے جشن ولادت پر دل و جان کا نذرانہ

منجانب
قادری دواخانہ

JASHAN EID MILAD-UN-NABI

HABB-E-SURANJAN KHURD-O-KALAN
جوڑو کے درد میں کافی مفید ہے
FOR JOINT PAIN VERY USEFUL

PUSHTAK CHURNA
AAM KAMZORI MEIN KAMYAB HAI
جریان، کثرت احتلام سرعت انزال ضعف باہ اور جملہ امراض مردانہ میں بہت مفید ہے

QADRI QABZTROZIN
گیسٹک کے درد میں بدہضمی، بھوک کی کمی درد جگر، قبض، سینے کی جلن اور پیٹ کے امراض میں بہت مفید ہے
GASTRIC KE DARD MEIN?

ZAFRANI TEL
گھٹیا کے درد میں؟
کسی بھی قسم کے درد چوٹ موچ، گھٹیا، جلنے کٹنے اور بچوں کی مالش میں بہت ہی مفید ہے
GETHIA KE DARD MEIN ?

ZAFRANI MALT
ہر عضو کی کمزوری کیلئے کافی مفید ہے
HAR AZOO KI KAMZORI KE LIYE

QADRI HERBAL KALONJI OIL
TAMAM BEMARIO KA ELAJ
تمام بیماریوں کے علاج میں کام آتا ہے

ZAFRANI TONIC®
ہر عضو کی کمزوری کیلئے کافی مفید ہے
HAR AZOO KI KAMZORI KE LIYE

Rhuma Kill Oil
گھٹیا، جوڑوں اور کمر کے درد کیلئے مفید ہے
Gethia, Joro aur kamar ke dard ke liye mufid

ZIABETUS-C®
ذیابطیس - سی:
یہ دوا پیشاب اور خون سے شکر کو کم کر کے اسے معمول پر لے آتی ہے۔ اس کا طویل مدت تک استعمال بے حد فائدہ مند ہے۔

KESAR FORTE
INCREASES SEX VIGOUR BY ACTIVATING THE GLANDULAR & NERVOUS SYSTEM
جنسی قوت بڑھانے اور خوشیوں کے لمحات کو پُر مسرت بنانے اور نسوں کی کمزوری کو دور کرنے کیلئے مفید ہے

Coughrin Syrup
نزلہ اور زکام کو دور بھگائیں
NAZLA AUR ZUKHAM KO DOOR BHAGAYE

Sohag Ratan
سر درد، سر چکر اور بالوں کو گرنے سے روکتا ہے
SAR DARD, SAR CHAKAR AUR BALO KO GIRNE SE ROKTA HAI

قادری دواخانہ
Qadri Dawakhana™

LARGEST UNANI G.M.P. CERTIFIED COMPANY

An ISO 9001:2015 Certified Company

Head Office : B-35/1, Iron Gate Road, Kolkata - 700 024, Ph : 033-2469-3173

Titas®
FOOTWEAR

Aawami News
Urdu Daily Ranchi-Kolkata-Patna
Website : www.live7tv.com
Group Editor : Aziz Burney
अवामी न्यूज़
روزنامہ
عوامی نیوز
کوئی بھی مشورہ یا شکایت کیلئے رابطہ کریں
directoraawaminews@gmail.com
بے باک صحافت کا علمبردار
کوئی بھی خبر، تصویر، اطلاع، اعلان ہمیں اس واٹس ایپ نمبر پر ارسال کریں
9102122786
شادی، سالگرہ اور بچوں کی سالگرہ کی تصویر ہمیں Email کریں

Pages-12 ● 240:شمارہ ● 12:جلد ● KOLKATA ● Friday, 5th September 2025 ● RNI No. WBURD/2014/56804 ● E-mail- News: aawaminewskolkata@gmail.com, Advt : kolkataadvt@gmail.com, Ph. 033-46034477 / 40651166, Fax : 033-4062-8332 ● ۱۴۴۷ھ بمطابق ۱۲ ربیع الاول ● ۲۰۲۵ء ● جمعہ، ۵ ستمبر ● کلکتہ



"بنگال میں تبدیلی کی تمنا، تو بھگاؤ یہاں سے بھاجپا کو"

"بی جے پی ہٹاؤ، ملک بچاؤ، ممتا کی گرج سے سہم گئے گیروادھاری

کولکاتا، 4 ستمبر: 2026 کے اسمبلی الیکشن سے بہت پہلے ہی بنگال کی سیاست میں طیش کا مادہ بڑھ گیا ہے اور اس اسلیکشن اپنی پہچان کو اور بھی مضبوط کرنے کے لئے یہاں وزیر اعظم نریندر مودی جی بھی کئی بار دورہ کر چکے ہیں لوگوں کو خواب بھی دکھا چکے ہیں۔ اور ان بھی سیاسی منچ سے مودی جی نے بنگال میں ایک نئی تبدیلی کی بات بھی دہرا چکے ہیں اور یہ کہا کہ یہ تبدیلی اسی وقت آسکتی ہے جب یہاں بھگوا اپنا دبدبہ قائم کر سکے گا۔ اور اسی سنسنی خیز ماحول میں بروز جمعرات کو اسمبلی میں بنگلہ اور بنگالیوں سے متعلق مشورے کے دوران اور بے نظیر اتھل پتھل کی فضا میں، ہی وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی نے اصل "تبدیلی" کا راز بھی کھول کر رکھ دیا، کہا کہ اگر یہاں کے لوگوں کو تبدیلی چاہیے تو یہ اسی وقت ممکن ہوگا جب بنگال سے فرقہ پرست پارٹی کا اخراج ہو جائے گا۔ میں نے بار بار اس کا اعادہ کر چکی ہوں کہ بی جے پی ایک الگ تھلگ فرقہ پرست پارٹی ہے۔ پسماندہ و پچھڑی ذاتی کے کٹر خلاف، اتنا ہی نہیں یہ ہندو کو بھی پسند نہیں کرتے ہیں۔ ان کے ظلم و ستم کا پیمانہ لبریز (باقی صفحہ 7 پر)

ملک کی تاریخ میں پہلی بار کسانوں پر ٹیکس، مودی حکومت نے زرعی اشیا پر جی ایس ٹی لگایا: ملکارجن کھڑ گے

نئی دہلی 4 ستمبر: کانگریس کے قومی صدر ملکارجن کھڑگے نے جمعرات کو جی ایس ٹی اصلاحات کے اعلان پر مرکز کو سخت تنقید کا نشانہ بنایا۔ ان کا کہنا تھا کہ ملک کی تاریخ میں پہلی بار کسانوں پر ٹیکس عائد کیا گیا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ بی جے پی حکومت نے زرعی شعبے کی کم از کم 36 اشیا پر جی ایس ٹی لگایا تھا، جس کے بعد کانگریس نے اس ٹیکس کو 'گبر سنگھ ٹیکس' کا نام دیا۔

کھڑگے نے ایکس (سابقہ ٹوئٹر) پر لکھا کہ کانگریس پارٹی نے اپنے 2019 اور 2024 کے منشور میں جی ایس ٹی 2.0 کا مطالبہ کیا تھا، تاکہ ٹیکس کا نظام سادہ اور منطقی بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ جی ایس ٹی کے تحت پیچیدہ کمپلائنس کی وجہ سے ایم ایس ایم ای اور چھوٹے کاروبار بری طرح متاثر ہوئے ہیں۔

کھڑگے نے یاد دلایا کہ 28 فروری 2005 کو یو پی اے حکومت نے لوک سبھا میں پہلی بار جی ایس ٹی کی باضابطہ اعلان کیا تھا۔ بعد ازاں 2011 میں اس وقت کے وزیر خزانہ پرنب مکھرجی نے جب جی ایس ٹی بل پیش کیا تو بی جے پی نے اس کی مخالفت کی تھی۔ اس وقت نریندر مودی گجرات کے وزیر اعلیٰ تھے اور وہ بھی اس بل کے مخالفین میں شامل تھے۔ لیکن آج یہی بی جے پی حکومت (باقی صفحہ 7 پر)



اسرائیل نے حماس کی جنگ بندی کی پیشکش مسترد کی، غزہ پر حملے جاری رہیں گے

غزہ/یروشلم، 4 ستمبر (یو این آئی) اسرائیل نے بدھ کے روز غزہ میں جنگ کے خاتمے کے لیے جامع جنگ بندی معاہدے تک پہنچنے کی حماس کی پیش کش کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس کی فوج غزہ شہر پر بڑے حملے کی تیاری جاری رکھے گی۔ بدھ کو جاری ایک پریس بیان میں حماس نے ایک "جامع معاہدے" تک پہنچنے کی اپنی خواہش کا اعادہ کیا جس کے تحت غزہ میں اسرائیلی یرغمالیوں کو اسرائیل میں قید فلسطینی قیدیوں کی ایک مخصوص تعداد کے بدلے میں رہا کیا جائے گا۔ حماس کے مطابق اس معاہدے میں مستقل جنگ بندی، غزہ سے اسرائیلی فوج کا انخلا، انسانی امداد اور ضروری سامان کی فراہمی (باقی صفحہ 7 پر)

تائیکوانڈو مون سون کپ چمپئن شپ میں دا مشن اسکول کی گونج، پہلی پوزیشن اپنے نام

رانی گنج، 4 ستمبر: جگرتی سنگھ تائیکوانڈو اکیڈمی کے زیر اہتمام اور یونائیٹڈ امپچر تائیکوانڈو اکیڈمی آف انڈیا کے تعاون سے مون سون کپ اوپن تائیکوانڈو چمپئن شپ 2025 کولکاتا میں منعقد ہوئی۔ یہ ایونٹ جنوبی کوریا کے عالمی ادارے ککی وون سے باضابطہ طور پر منظور شدہ تھا، جس میں ملک کے مختلف شہروں سے 600 کھلاڑیوں نے شرکت کی۔ اس سخت مقابلے میں دا مشن اسکول، راجہ باندھ رانی گنج نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے پہلی پوزیشن حاصل کی۔ اسکول کے کوچ انیل کمار ساؤ نے کہا کہ "ہمارے طلبہ نے نہ صرف کولکاتا بلکہ امرتسر، غازی آباد، درگاپور اور دوسرے بڑے شہروں میں بھی اپنی کامیابی کے جھنڈے گاڑے ہیں۔ رانی گنج جیسے چھوٹے شہر کے بچے بڑے شہروں میں جا کر اپنا لوہا منوا رہے ہیں، جو ہم سب کے لیے باعثِ فخر ہے۔ کامیابی حاصل کرنے والے نمایاں طلبہ میں شامل ہیں: ابوبکر، اقراء ـ وکیل، افسرا پروین، سمیع الدین خان، محمد یاسر، محمد آبان فردوس، نوشین صبا، فاطمہ پروین، وانیہ اشفاق اور سورَو۔ اسکول کے پرنسپل جیوڈ ولیم نے کہا کہ "یہ کامیابیاں ہمارے طلبہ کی محنت، والدین کے تعاون اور کوچ کی بہترین تربیت کا نتیجہ ہیں۔ اسکول کے چیئرمین ایڈووکیٹ امان اللہ نے بتایا: "2017 سے ہم نے اسکول میں مارشل آرٹ تائیکوانڈو کو فروغ دیا ہے اور آج ہمارے طلبہ نے رانی گنج کا نام مقامی و قومی سطح پر روشن کیا ہے۔ رانی گنج کے عوام، والدین اور اساتذہ نے اس کامیابی پر طلبہ کو مبارکباد پیش کی اور امید ظاہر کی کہ مستقبل میں یہ بچے بین الاقوامی سطح پر بھی ملک کا نام روشن کریں گے۔

بھاری گاڑیوں کی وجہ سے خستہ حال تملا پل گرنے کا خدشہ، مرمت کا مطالبہ

آسنسول: 4/ستمبر،(عوامی نیوز سروس): درگاپور شہر کے وارڈ نمبر 33 چاسی پاڑا بارتی میں واقع تملہ پل خستہ حال ہو گیا ہے کالونی کے لوگوں نے ڈیڑھ ماہ قبل پل کے قریب مٹی پر بھاری گاڑیوں کی آمدورفت پر اعتراضات اٹھائے تھے اور پل کی مرمت کے لیے کارپوریشن کو تحریری طور پر درخواست دی تھی لیکن درخواست کے ڈیڑھ ماہ گزرنے کے باوجود کارپوریشن کی جانب سے کوئی کارروائی نہیں کی گئی جس کی وجہ سے کالونی کے لوگ مایوسی کا شکار ہیں اور پل ٹوٹنے کے خوف سے خوف و ہراس کا شکار ہیں لوگوں کا کہنا ہے کہ پل پر بھاری گاڑیوں کو روکنے کے لیے پل کے قریب مٹی کے ڈھیر لگا کر سڑک بند کرنے کے باوجود روزانہ سینکڑوں ہیوی گاڑیاں اس پل سے گزر رہی ہیں جس کی وجہ سے پل ٹوٹنے کا خدشہ ہے۔ کارپوریشن انتظامیہ کو اس معاملے میں جلد کوئی انتظام کرنا چاہیے ورنہ اگر تملہ پل ٹوٹ جاتا ہے تو کالونی کے لوگوں کا شہر سے رابطہ منقطع ہو جائے گا جس کا خمیازہ بارتی کے ساتھ ساتھ شہر کے لوگوں کو بھی اٹھانا پڑے گا۔ قابل ذکر ہے کہ شہر کے وارڈ نمبر 33 میں واقع چاسی پاڑا درگاپور اسٹیل پلانٹ (ڈی ایس پی) کی زمین پر واقع ہے یہ پورا علاقہ ہندی اکثریتی علاقہ ہے جہاں کئی دہائیوں سے چار ہزار سے زیادہ خاندان سبزیوں کی کھیتی اور چھوٹے کاروبار سے منسلک ہیں شہر کا گندا پانی کالونی کے ساتھ واقع تملا ندی سے نالے کے ذریعے دامودر ندی میں بھیجا جاتا ہے۔ کالونی کے لوگوں نے برسوں پہلے نالے پر بانس کا پل بنایا تھا بارتی کے لوگ کئی بار بانس کے پل کو عبور کرتے ہوئے حادثات کا شکار ہو چکے ہیں۔ مقامی لوگوں کے مطالبے پر کارپوریشن نے سال 2000 میں سی پی ایم کے دور حکومت میں کنکریٹ کا پل تعمیر کیا تھا۔ لوگوں کے علاوہ مختلف پلانٹس میں کام کرنے والے مزدوروں کے لیے اس پل سے چھوٹی گاڑیاں گزرتی تھیں شہر میں کارخانوں کے بڑھنے سے اس پل پر بڑی گاڑیوں کی آمدورفت شروع ہو گئی جس کی وجہ سے یہ پل کمزور پڑنا شروع ہو گیا مقامی لوگوں نے بتایا کہ پل کی تعمیر کے بعد کالونی کے اسکولی بچوں کے لیے بھیرنگی موڑ اور مایا بازار، گاندھی موڑ جانے میں کافی سہولت ہے لیکن اس طرح بڑی گاڑیوں کی آمدورفت کی وجہ سے پل ٹوٹ سکتا ہے۔ ششی کلا ساہنی سمیت کالونی کی کئی خواتین نے کہا کہ کچا سڑک بند کرنے پر کچھ لوگوں نے ترنمول کے مقامی لیڈر شنکر رائے اور وکی شرما پر جبری وصولی کا جھوٹا الزام لگا کر انہیں بدنام کرنے کی کوشش کی تھی جو غلط ہے۔ شنکر رائے کالونی کے لوگوں کو سہولیات فراہم کرنے کی مسلسل کوشش کر رہے ہیں۔ پل کی مرمت کے مطالبہ پر درگاپور میونسپل کارپوریشن کے بورڈ آف ایڈمنسٹریٹر کے رکن دھرمیندر یادو نے کہا کہ کالونی کے لوگوں کی درخواست موصول ہوئی ہے کسی بھی کام میں وقت لگتا ہے، ٹینڈر کے عمل کے تحت تملہ پل کی مرمت کی کوشش کی جائے گی اس معاملے پر جلد ہی بورڈ میٹنگ میں بحث کی جائے گی۔ امید ہے کہ چاسی پاڑا کے عوام کا مسئلہ جلد حل ہو جائے گا۔

☆☆☆

Aawami news
Kolkata
Friday, 05th September 2025
Also published from Ranchi & Patna

جشن عید میلادالنبی

روزنامہ
عوامی نیوز
کولکاتا
جمعہ، ۰۵ ستمبر ۲۰۲۵ء

ہائی کورٹ سے نا اہل اساتذہ کی نئی بھرتی کے امتحان میں بیٹھنے کی اپیل مسترد

کولکاتا، 4ستمبر: (عوامی نیوز سروس) ایک بار پھر کلکتہ ہائی کورٹ میں نااہل اساتذہ کی طرف سے دائر مقدمہ کو خارج کر دیا گیا ہے۔ یہ کیس اس بات کو یقینی بنانے کے لیے دائر کیا گیا تھا کہ نااہل اساتذہ کو اسکول سروس کمیشن یا ایس ایس سی کے نئے بھرتی امتحان میں بیٹھنے کا موقع ملے۔ پہلے سنگل بنچ نے نااہل اساتذہ کی درخواست خارج کر دی۔ پھر داغدار اساتذہ نے ڈویژن بنچ سے رجوع کیا۔ آج اس کیس کی سماعت پھر ہوئی۔ کلکتہ ہائی کورٹ کے جسٹس تپوبرتا چکرورتی اور جسٹس ریتابرت مترا کی ڈویژن بنچ نے سنگل بنچ کے فیصلے کو برقرار رکھا۔ جمعرات کو اس معاملے کی سماعت میں، اسکول سروس کمیشن یا ایس ایس سی کے وکیل کلیان بنرجی نے اپنی دلیل میں کہا کہ یہ انتخاب کرنا ممکن نہیں تھا کہ اتنے لاکھ درخواست دہندگان میں سے کون اہل تھا اور کون اہل نہیں تھا۔ لہٰذا یہ دینا پڑا، یہ ایک غلطی تھی۔ کلیان بنرجی کی دلیل سن کر جج نے کہا کہ آپ کے افسران نے اتنی سنگین غلطی کیسے کی؟ ان کے پاس اب بھی نوکریاں کیسے ہیں؟ غور طلب ہے کہ سپریم کورٹ کے حکم پر اسکول سروس کمیشن یا ایس ایس سی نئے اساتذہ کی تقرری کا امتحان منعقد کرنے جا رہا ہے۔ یہ امتحان 7 اور 14 ستمبر کو ہوگا۔ سپریم کورٹ نے اپنے حکم میں واضح طور پر کہا ہے کہ اس نئے بھرتی امتحان میں کسی نااہل استاد کو بیٹھنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ اگر ایک بھی نااہل استاد نئے بھرتی کے امتحان میں بیٹھتا ہے تو ریاست کو اس کے نتائج بھگتنا ہوں گے، سپریم کورٹ نے انتہائی سخت پیغام میں یہ واضح کر دیا ہے۔

بارڈر سیکورٹی فورس کی ٹیکنیکل ٹیم کا ڈھائی ماہ میں دوسری بار بند ہندستان کیبلز کا دورہ

آسنسول: 4ستمبر، (عوامی نیوز سروس): بند ہندوستان کیبلز ایریا کے لوگ روشنی کے منتظر ہیں۔ یہ بند فیکٹری کب کھلے گی اور کیا اس سے علاقے میں بے روزگاری کا مسئلہ حل ہوگا؟ اس کا جواب ابھی تک نہیں مل سکا ہے۔ تاہم مختلف سیکورٹی فورسز بار بار اس فیکٹری کا دورہ کر رہی ہیں۔ اطلاع کے مطابق سشاسترا سیما بال (ایس ایس بی) کی ایک ٹیم نے چند ماہ قبل فیکٹری کا دورہ کیا تھا اور وہ دوسری بار آئی 24 جون کو ایس ایس بی کے انتظامی حکام کے پہلے دورے کے بعد، ان کی تکنیکی ٹیم آج یہاں آئی متعلقہ محکمے اس دورے کو کولکتہ کے مضافات میں ہندوستان کیبلز کی خالی اراضی پر ایس ایس بی کے ایک نئے یونٹ کے آغاز کے لیے ایک بہت ہی مثبت اشارہ سمجھ رہے ہیں آج کولکتہ سے متصل باراسات سے ایس ایس بی کے چار ارکان کی ایک اعلیٰ سطحی ٹیم صبح گیارہ بجے کیبلز پر پہنچی ان میں کمانڈر اشوک بسواس، سیکنڈ کمانڈنٹ رام کمار پرساد، ڈپٹی کمانڈنٹ راجیش کمار کجور اور سب کمانڈنٹ شنکر کمار آریہ شامل تھے مسٹر آریہ ایک ماہر سول انجینئر ہیں۔ انہوں نے ہندوستان کیبلز ایریا کے تقریباً تمام مقامات کا تین گھنٹے تک دورہ کیا ان کے ساتھ ہندوستان کیبلز کے سپرنٹنڈنٹ آر این اوجھا بھی تھے معلوم ہوا ہے کہ انہوں نے کیبل کی انتظامی عمارت، آر اینڈ ڈی بلڈنگ، فیکٹری کے احاطے، بیرکوں، فٹ بال گراؤنڈ، گیسٹ ہاؤس سے لے کر اسکول کی عمارت کے گراؤنڈ تک کا دورہ کیا۔ اور لوئر کیشیا اور اجے ندی کے کنارے تک پورے علاقے کا معائنہ کیا۔ سول انجینئر اسسٹنٹ کمانڈنٹ شری آریہ نے کئی علاقوں کا باریک بنی سے معائنہ کیا اس کے بعد انہوں نے انتظامی عمارت میں شری اوجھا کے ساتھ متعلقہ میٹنگ کی۔ انہوں نے دریا کے مختلف مقامات سے اسپتالوں، ریلوے اسٹیشنوں، اسکولوں، بازاروں وغیرہ کی دوری کا اندازہ لگایا اس بارے میں بات کرتے ہوئے ایس ایس بی افسران نے کہا کہ انہیں خاص طور پر یہاں کی زمین اور پانی سمیت دیگر بنیادی سہولیات بہت پسند ہیں ایس ایس بی کی یہ اعلیٰ سطحی زمین یہاں کی زمین میں تیار کی گئی ہے۔ ٹیم کی دلچسپی نے سب کی توجہ مبذول کر لی ہے۔ خیال کیا جا رہا ہے کہ اس سال دسمبر تک کوئی بہت مثبت قدم اٹھایا جائے گا اس بارے میں پوچھے جانے پر کیبلز آفیسر مسٹر اوجھا نے کہا کہ SSCI کی ٹیکنیکل ٹیم نے یہاں کی زمین کے ساتھ ساتھ دیگر انفراسٹرکچر کو بھی سنجیدگی سے دیکھا ہے۔ وہ جو معلومات جاننا چاہتے تھے وہ انہیں پوری طرح بتا دی گئی ہے توقع ہے کہ جلد ہی یہاں کچھ نیا بنایا جائے گا ایسی صورتحال میں یہ بھی مانا جا رہا ہے کہ کاگو ایرنگا سے آر اینڈ ڈی بلڈنگ تک کا علاقہ ایس ایس سی آئی کے لیے خاص طور پر موزوں ہوگا تاہم سی آئی ایس ایف سمیت کئی فورسز نے کیبلز کی زمین کا معائنہ کیا ہے۔

نیوٹاؤن: بسوا بنگلہ چوراہے کے قریب خاتون اسکوٹر سوار کی موت

کولکاتا، 4ستمبر: (عوامی نیوز سروس) جمعرات کی دوپہر نیوٹاؤن میں بسوا بنگلہ چوراہے کے قریب ایک خاتون اسکوٹر سوار کی موت ہوگئی۔ ان کا نام بنشری کنڈو پال ہے۔ ذرائع کے مطابق یہ خاتون جاترا گچھی سے آرہی تھی اور بسوا بنگلہ گیٹ سے پہلے سگنل پر ہوائی اڈے کی طرف یوٹرن لے رہی تھی۔ اس وقت ایک پرائیویٹ بس ایئرپورٹ جانے والی لین میں سفر کر رہی تھی۔ کنٹرول کھو کر بنشری کا اسکوٹر ٹکرا گیا جس کی وجہ سے عورت گر گئی۔ جسے بس نے کچل دیا۔ معلوم ہوا ہے کہ پولس نے خون میں لت پت خاتون کو بچا کر اسپتال پہنچایا گیا جہاں ڈاکٹروں نے اسے مردہ قرار دے دیا۔ ابتدائی طور پر معلوم ہوا کہ بنشری نیوٹاؤن میں ایک پرائیویٹ کمپنی میں کام کرتی تھی۔

مودی جی کی حکومت نے تہواروں کے موسم کو مزید خوشگوار بنا دیا: شوبھندو

کولکاتا، 4ستمبر: (عوامی نیوز سروس) انسان دوست مودی جی کی حکومت نے تہواروں کے موسم کو ہم وطنوں کے لیے مزید خوشگوار بنا دیا ہے۔ مغربی بنگال کے اپوزیشن لیڈر شوبھندو ادھیکاری نے جمعرات کو X پر لکھا کہ درگا پوجا سے پہلے ضروری اشیاء کی قیمتوں میں نمایاں کمی کی جائے گی۔ لائف انشورنس اور ہیلتھ انشورنس پر جی ایس ٹی مکمل طور پر معاف کر دیا گیا ہے۔ عزت مآب وزیر خزانہ محترمہ نرملا سیتارمن جی نے اعلان کیا ہے کہ جی ایس ٹی 22 ستمبر سے دو شرحوں (5 اور 18 فیصد) میں لاگو کیا جائے گا۔ 12 فیصد مکمل طور پر 12 فیصد اور 12 فیصد ہے۔ زرعی مصنوعات پر عائد جی ایس ٹی 5 فیصد تک کم کر دیا گیا ہے، جس میں جان بچانے والی ادویات بھی شامل ہیں، یوم آزادی کے موقع پر ہمارے وزیر اعظم نریندر مودی نے اعلان کیا تھا کہ وہ پوجا اور تہواروں سے پہلے ہی ہم وطنوں کو تہواروں کا تحفہ دیں گے۔

استغاثہ بہ بارگاہ رب العالمین ورحمۃ العالمین

بے شک اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے درود شریف بھیجتے ہیں نبی کریم ﷺ پر
اے ایمان والو تم بھی ان پر خوب درود وسلام بھیجو۔ (پارہ ۲۲ سورہ الاحزاب آیت ۵۶)

باعث تخلیق کائنات نبی رحمت محبوب رب العالمین ﷺ کی عظمت ورفعت کا یہ حال ہے کہ خود خالق کائنات جو ازلی ابدی ہے اپنے محبوب کے درجات میں ہر آن ہر ساعت میں رحمتیں و برکتیں نازل فرماتا ہے۔

اور فرشتے (نوری مخلوق بھی) حکم خداوندی کے تحت مسلسل ومتواتر دعا کرتے ہیں کہ اے اللہ اپنے محبوب کی شان کو بلند فرما ان پر اپنی رحمتوں، برکتوں کا نزول فرما۔

اس کار خیر میں اللہ تعالیٰ اپنے فرمانبردار ایمان والوں کو بھی شامل فرماتا ہے اور انہیں بھی خوب سے خوب تر درود وسلام پڑھنے کی تاکید فرماتا ہے کہ تم پر ان پر درود وسلام پڑھو گے تو ان کے صدقے تم پر بھی رحمتوں اور برکتوں کو نازل فرمائے گا یہی نہیں بلکہ ایک بار پڑھنے پر دس نیکیاں نامہ اعمال میں درج فرمائے گا۔

دس گناہوں کو معاف فرمائے گا اور دس درجے بلندی عطا فرمائے گا۔
(مفہوم حدیث مبارکہ)

الٰہی رحمت نازل فرما اپنے نبی مصطفے پر اور اپنے رسول برگزیدہ پر اور اپنے محبوب برگزیدہ پر اور ان پر جو تیرے امین ہیں وحی آسمانی کے

الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

الصلوٰۃ والسلام علیک یا نبی اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

الصلوٰۃ والسلام علیک یا حبیب اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

الصلوٰۃ والسلام علیک رحمۃ یاالعالمین اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

الصلوٰۃ والسلام علیک یا انیس الغربا و والیتمیٰ والمساکین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

اے اللہ کے محبوب تیرے واسطے سے ہمیں اللہ کا عرفان حاصل ہوا ایمان کی دولت سے ہم آپ ﷺ کے واسطے مالا مال ہوئے، نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ کی فرضیت اور ادائیگی کا طریقۂ کار آپ کی عملی رہنمائی سے حاصل ہوئی۔

حضرت ابوذر کے استفسار پر آپ نے مسجد کے آداب بتائے کہ مسجد میں داخل ہو تو پہلے دو رکعت تحیۃ المسجد ادا کرو پھر وقت کے مطابق نماز ادا کرو۔

فرمایا اللہ پر ایمان اور اس کی راہ میں جہد مسلسل اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ پسند ہے۔

آپ نے حسن اخلاق کی تاکید فرمائی۔ فرمایا وہ مسلمان افضل ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے مسلمان محفوظ رہیں۔

فرمایا برائیوں کا ترک کرنا اس سے دور رہنا سب سے افضل ہجرت ہے۔ آپ نے آیت الکرسی کو قرآن شریف کی سب سے اہم آیت قرار دیا۔

فرمایا اللہ سے ڈرتے رہو، کم بولو خاموشی اختیار کرو زیادہ ہنسنے سے پرہیز کرو۔

مسکینوں کے پاس بیٹھو ان کی دل جوئی کرو، سچ کہا کرو چاہے وہ کڑوا ہو۔ فرمایا اللہ کے معاملے میں کسی ملامت کرنے والے کی ہرگز پرواہ مت کرو۔

حضرت جبرئیل امین آدمی کی شکل اختیار کر کے حضور کے بارگاہ حاضر ہوئے اور متعدد سوالات کئے جن میں ایک یہ تھا کہ ایمان کی حقیقت کیا ہے فرمایا اللہ پر فرشتوں پر اس کی نازل کردہ کتابوں پر اس کے بھیجے ہوئے رسولوں پر، قیامت پر اور تقدیر جیسی بھی ہو اچھی یا بُری پر ایمان لانا۔

انہوں نے پوچھا احسان کیا ہے اس کی حقیقت سے آگاہ فرمائیں فرمایا احسان اس کیفیت کا نام ہے کہ جب اللہ کی عبادت کرو تو سمجھو کہ تم اللہ کا دیدار کر رہے ہو ورنہ کم از کم اتنا سوچو کہ اللہ تمہیں دیکھ رہا ہے۔

آپ ﷺ نے علم حاصل کرنے کی تاکید فرمائی یہاں تک فرمایا کہ اگر حصول علم کے لئے چین جیسے دور دراز علاقے میں جانا پڑے تو مت ہچکچاؤ بلکہ مقصد پیش نظر رکھو اور آگے بڑھو۔

آپ ﷺ نے اسلام کی تبلیغ واشاعت کے سلسلے میں جن تکالیف اور مخالفتوں کا سامنا کیا کہ ہم اس کا تصور بھی نہیں کر سکتے۔

آپ کی راہ میں کانٹے بچھائے گئے، آپ جب مصروف عبادت تھے تو آپ کے پشت انور پر غلاظت ڈالی گئی۔ راہ چلتے آپ پر اوپر سے کوڑے پھینکے گئے مگر آپ حراساں نہیں ہوئے۔

آپ پر ایمان لانے والوں پر بھی ظلم وستم کے پہاڑ ڈھائے گئے مگر آپ نے اپنی کوششوں کو تمام تر دشواریوں کے بعد بھی جاری رکھا۔ آپ پر ایمان لانے والے بھی مشق ستم بنے مظالم سہے مگر ان کا ایمان متزلزل نہیں ہوا۔

یہاں تک کہ انہیں اپنے وطن عزیز کو خیر باد کرنا پڑا۔ گھر بار کھیتی باڑی، باغات وغیرہ کی محبت ان نفوسات قدسیہ پر غالب نہیں آئی۔ بلکہ صراط مستقیم پر گامزن رہے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کے صدقے سلامتی وتحفظ عطا فرمایا۔ بدر کے میدان میں بڑے بڑے نامی گرامی سرداران کفار مارے گئے بہت سارے قیدی بنا لئے گئے باقی مخالفین نے راہ فرار اختیار کی۔ جنگ احد میں تیر اندازوں کی جلد بازی کے سبب مسلمانوں کو فتح حاصل نہ ہوئی۔ مگر اللہ تعالیٰ نے دشمنوں پر آپ کا رعب طاری کیا اور خود انہوں نے پسپائی اختیار کی۔ جنگ خندق میں غربت کا یہ حال تھا کہ بھوک کی شدت میں کمی کی نیت سے پیٹ میں پتھر باندھے تھے۔ مگر اس عالم میں بھی غیب داں نبی نے امت کو قیصر وکسریٰ پر فتح ونصرت کی بشارت سنائی جسے صحابہ کرام نے بسروچشم تسلیم کیا اور اس کے کوشاں رہے۔

آپ ﷺ کی پیشن گوئی کے مطابق آپ کے دنیا سے رخصت ہونے بعد آپ ﷺ کی

تعلیمات پر عمل کرنے والے صابر وشاکر رہنے والے اللہ تعالیٰ کی رضا کے طلبگاروں نے آدھی صدی سے کم عرصے میں روم وایران جیسی سپر پاور کو سرنگوں کیا افریقہ جیسے دور دراز علاقوں تک اسلام کا پرچم لہرایا۔

انصاف کا بول بالا کیا۔ ظالموں کی سرکوبی کی مظلوموں کو احساس مظلومیت سے نجات دلایا۔ بیواؤں اور یتیموں کی کفالت کے ذرائع پیدا کئے عورتوں پر ہونے والے مظالم کا خاتمہ کیا اور انہیں باوقار زندگی گزارنے کا سلیقہ عطا فرمایا۔ درس گاہیں قائم کئے۔ ایجادات واختراعات کے دروازے کھولے۔ عوام کے سہولیات کے لئے شفاخانے قائم کئے۔ ساری دنیا کو امن وسلامتی کا پیغام دیا۔ پھر جب غربت کا خاتمہ ہوا خوش حالی کا دور آیا تو ہم بتدریج سستی اور کاہلی کا شکار ہوتے گئے۔ معلم کائنات کی تعلیمات سے رفتہ رفتہ دوری اختیار کی یاد الٰہی سے غافل ہوئے۔ ایجادات و اختراعات کی اہمیت کو نظر انداز کرنے لگے لہو ولعب میں مبتلا ہوئے۔ اور اپنی کرنی سے رحمت الٰہی سے دور ہو گئے۔

غیروں نے ہماری تعلیمات ہمارے تجربات ہمارے ایجادات وغیرہ کی اہمیتوں کو تسلیم کیا انہیں اپنایا اور ہمارے چھوڑے ہوئے تہذیب کو گلے سے لگایا محنتیں کیں کوششیں کیں ہمارے ایجادات کو اور زیادہ سے زیادہ موثر بنانے کے لئے نت نئے طریقے دریافت کئے اور انہیں نہ صرف اپنے لئے بلکہ پوری بنی نوع انسان کے لئے مفید بلکہ اجزائے ضروریہ کے طور پر متعارف کرانے میں کامیاب ہو گئے۔

دنیا دار الاسباب ہے جبکہ مسبب الاسباب اللہ تعالیٰ ہے ہمارے آقا ﷺ نے اسباب کی اہمیت کو اجاگر فرمایا اور اس کے لئے مسلسل کوششیں کیں اور کوشش کرنے کی تاکید فرمائی۔

آپ ﷺ نے صرف احکامات نافذ نہیں فرمائے بلکہ خود لگے رہے کسی بھولے ہوئے کو راہ دکھایا تو کسی کا بوجھ اٹھا کر مطلوبہ جگہ تک پہنچا دیا۔ کمزور کی مدد کی یتیموں، بیواؤں اور بیماروں کی خبر گیری کی ان ضروریات کو پورا کرنے کے لئے قربانیاں دیں۔ خود بھوکے رہ کر بھوکوں کو کھانا کھلایا بلا تفریق اپنے ہوں یا بیگانے حاجت روائی فرمائی ان کے حسن سلوک سے اسلام پھلا پھولا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے پاک کلام فرما دیا کہ ان کی ذات بابرکات تمہارے لئے نمونہ عمل ہے تم ان کی اتباع کرو، ہم تمہیں اپنا محبوب بنا لیں گے۔

جن لوگوں نے اسے سمجھا اپنایا کامیاب ہو گئے اور کامیابیاں بانٹنے لگے۔ (پارہ ۳ سورہ آل عمران آیت ۳۲)

میدان عرفات میں دوران حج ایک لاکھ چوبیس ہزار صحابہ کرام کی موجودگی میں جو تاریخی خطبہ دیا اس میں ارشاد فرمایا اللہ کی کتاب کو مضبوطی سے تھامے رہو۔ جب تک اس کتاب کو سینے سے لگائے رہو گے گمراہ نہیں ہو گے، فرمایا تمہاری جان تمہارے مال کے تم ذمے دار ہو، عورتوں کے ساتھ حسن سلوک کرنے کی تاکید فرمائی۔ فرمایا جس کے پاس امانت ہے لازمی ہے کہ وہ اسے اس کے مالک تک پہنچا دے نہ تم کس پر ظلم کرو نہ کوئی تم پر ظلم کرے۔ فرمایا کہ شیطان سے ہوشیار رہو وہ تمہارا دشمن ہے اور تمہیں گناہوں میں الجھانے کے لئے کوشاں ہے۔

فرمایا سارے مسلمان بھائی بھائی ہیں کس کے لئے جائز نہیں کہ اپنے بھائی کا مال بغیر اس کی رضامندی کے حاصل کرے۔ فرمایا تین باتوں پر خاص توجہ دینا (۱) جو عمل بھی ہو خالص اللہ کے لئے ہو (۲) حاکم وقت کو از راہ خیر خواہی نصیحت کرو۔ (۳) مسلمانوں کی جماعت کے ساتھ مل کر رہو۔ فرمایا ہر ایک کو اتنا ہی ملتا ہے جتنا اس کی تقدیر میں لکھ دیا گیا ہے جس کی قسمت میں آخرت کی کامیابی ہے اللہ اس کے دل کو غنی کر دیتا ہے۔ جو دنیا کا طلبگار ہے اللہ اسے حواس باختہ بنا دیتا ہے۔ اللہ اس پر رحم فرمائے جس نے میری بات کو سنا اور دوسروں تک پہنچا دیا۔ اپنے ملازمین کے ساتھ نیک سلوک کرو۔ پڑوسیوں کے ساتھ دوستانہ تعلقات رکھو۔ ان واضح ہدایات کے بعد سرکار صرف ۳ مہینے ۳ دن دنیا میں قیام فرما رہے۔ شیطان جو ہمارا کھلا ہوا دشمن ہے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں ڈھٹائی کے ساتھ دعویٰ کیا کہ ہم تیرے بندوں کو آگے سے پیچھے سے دائیں بائیں سے حملہ آور ہو کر انہیں گمراہی کے غار میں ڈھکیل دینگے اور اکثر کو نافرمان بنا دیں گے سوائے مخلص بندوں کے۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا تجھے کھلی چھوٹ ہے تو جو چاہے کر لے مگر ہم نے تیرے لئے اور تیرے پیروکاروں کے لئے جہنم تیار رکھا ہے سب کے سب اس کے ایندھن بنیں گے۔ مگر میرے مخلص بندوں پر تیرا کوئی زور نہیں چلے گا۔

مفہوم آیات کریمہ: الاعراف آیت ۱۲ تا ۱۸
سورہ الحجر آیت ۳۳ تا ۴۲ ☆ سورہ بنی اسرائیل آیت ۶۱ تا ۶۴
سورہ ص آیت ۷۹ تا ۸۵

شیطان جو ہمارا کھلا ہوا دشمن ہے ہمیں دنیا کی رنگینوں میں ایسا الجھایا کہ ہم اس کی محبت میں گرفتار ہو گئے اور جو امانتیں ہمارے بزرگوں نے ہمارے سپرد کئے تھے ان کو جلا بخشنے کے بجائے بھلا بیٹھے اور تحفظ میں ناکام ہو گئے۔

کامیابی وکامرانی جو کبھی ہمارا قدم چومتی تھی ہم سے روٹھ گئی۔ قرآن کریم میں واضح اعلان تھا کہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا کہ تم ہماری عطا پر شکر گزار ہو گے تو تمہیں اور عطا کیا جائے گا مگر نافرمانی کی صورت میں میری پکڑ بہت سخت ہے۔ (مفہوم پارہ ۱۳ سورہ ابراہیم آیت ۷)

دوسری جگہ ارشاد فرمایا کہ بے شک اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر نازل کی گئی نعمتوں کو واپس نہیں لیتا مگر بندے خود اس کی راہ سے بھٹک کر اللہ کی رحمتوں کا دروازہ اپنے اوپر بند کر لیتے ہیں۔ (مفہوم پارہ ۱۰ سورہ انفال آیت ۵۳)

ہم اپنی کرنی سے عتاب الٰہی کا شکار ہیں مگر نکلنے کی گنجائش موجود ہے۔ فرمان الٰہی ہے اے میرے محبوب آپ فرما دیجئے اے میرے بندو جنھوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا تم اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہو۔ بے شک اللہ تعالیٰ تمام گناہوں کو معاف فرما دیتا ہے (بشرطیکہ تم صدق دل سے) اپنے گناہوں کی معافی مانگو (اور آئندہ غلطی نہ کرنے کا عہد کرو) بے شک وہ بڑا بخشنے والا اور نہایت رحم فرمانے والا ہے (پارہ ۲۴ سورہ الزمر آیت، ۵۳)

دستور کے مطابق پھر رحمت عالم ﷺ کی ولادت باسعادت کا مہینہ سایہ فگن ہے۔ ہم اس مہینے خوشیاں مناتے ہیں چراغاں کا اہتمام کرتے ہیں مگر جشن اور خوشیاں تو کامیابیوں اور کامرانیوں کی منائی جاتی ہیں۔

ایسے میں جبکہ دنیا کی زمین باوجود اپنی فراخی کے ہمارے لئے تنگ ہے ہمارا خون ارزاں ہے ہمارے اثاثے غیر محفوظ ہیں ہم اپنے آپ کو شکست خوردہ محسوس کر رہے ہیں۔

ہمیں ہماری زمینوں سے بے دخل کیا جا رہا ہے۔ ہمارے قوانین تبدیل کئے جا رہے ہیں ہماری شناخت خطرے میں ہے۔ ہم بے بسی اور بے چارگی کے شکار ہیں۔

اے اللہ ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے مدد چاہتے ہیں اور تیری راہ میں وسیلے ڈھونڈتے ہیں جس کا ہمیں پارہ ۶ سورہ المائدہ آیت ۳۵ حکم دیا گیا ہے۔

اے اللہ ہماری مسیحائی کے لئے اس ماہ مبارکہ میں تشریف لانے والے محبوب جنہیں تو نے عالمین کے لئے رحمت بنایا۔

ہماری مشکل کشائی فرما ہمارے گناہ معاف ہوں ہماری مشکلات آسان ہوں۔
اور ہمیں باوقار زندگی عطا ہو۔
ہماری محتاجی دور ہو۔ ہمیں اغیار کی کاسہ لیسی سے نجات ملے
ہماری عزت وآبرو سلامت رہے، اور ہم پھر سے عدل وانصاف کا پرچم لہرانے والے بن جائیں۔

اے اللہ اپنے محبوب مکرم ﷺ جو رہبر اعظم ہیں ان کے صدقے طفیل ہماری غلطیوں، اور کوتاہیوں، بے عملی کو معاف فرما اس ماہ مبارک میں پھر سے ہمیں صراط مستقیم پر گامزن فرما

ہمارے اندر خدمت خلق کا جذبہ پیدا فرما
تیری عطا سے تیرے محبوب بانٹنے والے ہیں
ہمیں ان کی بارگاہ کی خیرات عطا فرما
ہمارے اندر پھیلی ہوئی برائیوں، بے حیائیوں کو دور فرما ہمیں اپنی مخلوق کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آنے والا مہربان بنا۔
ہماری کمزوریوں کو دور فرما

ہمارے بازوؤں میں طاقت وقوت عطا فرما
جہالت و غربت کو ہم سے دور فرما
اغیار پر پھر سے ہمارا رعب و دبدبہ قائم فرما
ہمارے کھوئے ہوئے وقار کو واپس فرما
تا کہ ہم تیری راہ میں مسلسل کوشش کرنے والے بن سکیں

اس سلسلے میں ذرائع وسائل عطا فرمایا۔ صبر ونماز سے رہنمائی حاصل کرنے والا بنا تا کہ ہم فلاح حاصل کر سکیں۔

ہمیں اچھائیوں کو پھیلانے والا برائیوں سے روکنے والا بنا اور اس کیلئے ذرائع ووسائل مہیا فرما

ہم تیرے ہیں تجھی سے تیرے محبوب کے واسطے سے راہ راست پر چلنے کی بھیک مانگتے ہیں۔
اے اللہ ہم تیرے محبوب پاک ﷺ کی جانب منسوب ہیں اس نسبت کی لاج رکھ۔
میرے آقا ایسے بھنور میں ہوں کہ نکلنا جس سے محال ہے۔
مرے ڈوب جانے کا غم نہیں تری عظمتوں کا سوال ہے
اے اللہ ہمیں جان ومال عزت وآبرو کی حفاظت کی توفیق عطا فرما۔
ایسے حالات پیدا فرما کہ پھر سے اسلام کا بول بالا ہو اور دنیا والے اپنے مسائل کے حل کے لئے پھر سے ہمارے دامن میں پناہ لیں۔
ہمیں اپنی یاد میں مشغول رکھ نماز کے سجدوں کی لذتوں سے آشنا فرما۔
عزت وآبرو کے ساتھ زندہ رکھ عزت وآبرو کے ساتھ ایمان پر خاتمہ فرما۔ آمین ثم آمین!

جب گھٹا ہو غم کی چھائی — آفتیں ہوں سر پہ آئی
تنگ ہو جائے خدائی — مل کے دیں سب یوں دہائی
یا نبی سلام علیک — یا رسول سلام علیک
یا حبیب سلام علیک — صلوٰۃ اللہ علیک

مدثر حسین حبیبی،
مرید ومجاز امام التارکین مجاہد ملت
علامہ الحاج الشاہ محمد حبیب الرحمٰن قادری عباسی ہاشمی علیہ الرحمہ

☆☆☆

غزہ کے زخمی اور بیمار بچوں اور ان کے والدین کا علاج برطانیہ میں ہوگا

خورشید فرازی

غزہ میں بھوک، پیاس، انگنت معیادی بیماریاں اور اسرائیلی بمباری میں زخمی ہزاروں کمسن بچے کھلے آسمان کے نیچے اپنی موت کا انتظار کر رہے ہیں، ان کے اندر اٹھنے کی سکت نہیں ہے، بھوک اور پیاس سے نہیں بلکہ وہ اس قدر زخمی ہیں کہ ان کے لئے خود سے کھڑا ہونا بھی بہت مشکل ہے۔ ان بچوں کی انتہائی بدتر حالت کو دیکھ کر برطانیہ، فرانس جیسے کٹر عیسائی ملکوں کے لوگ زبردست احتجاج کر رہے ہیں اور فرانس نے دھمکی دیدی ہے کہ وہ اقوام متحدہ کی سیکوریٹی کونسل کی اسی ماہ میں ہونے والی میٹنگ میں وہ فلسطین کو ریاست کے طور پر تسلیم کرے گا اور اس کے بعد اگر اسرائیل نے غزہ پر حملہ کیا تو وہ حملہ فرانس پر حملہ تصور کیا جائے گا، دوسری طرف دنیا کا سب سے بڑا کٹر یہودی نواز امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے بے حیائی کے ساتھ اعتراف کیا کہ امریکی کانگریس میں پہلے جس طرح سے اسرائیل کے تئیں ہمدردی اور بھائی چارہ تھا اب اس میں خطرناک حد تک کمی آگئی ہے اور امریکی کانگریس میں شامل اراکین بھی اب اسرائیل کے خلاف آواز اٹھا رہے ہیں۔ لیکن ٹرمپ نے کہا کہ میں نے اسرائیل اور یوکرین کی بھرپور مدد مرتے دم تک کرنے کا جو عہد کیا تھا، وہ عہد ہنوز قائم ہے اور میں نے اسرائیل سے کہہ دیا ہے کہ اس وقت اس نے 26000 بری فوجوں کو غزہ میں اتارا ہے جو ایک سرے سے باقیماندہ فلسطینیوں کو قتل کرتے ہوئے آگے بڑھیں گے، میں نے پرائم منسٹر نیتن یاہو سے بی کہہ دیا ہے اسے جس قدر بھی مدد کی ضرورت ہوگی وہ اسے فراہم کریں گے ابھی ستمبر کے پہلے ہفتے میں ٹرمپ نے ڈیڑھ ملین ڈالر کے ہتھیار اسرائیل کے حوالے کئے ہیں اور اس لئے کئے کہ وہ پورے غزہ سے فلسطینیوں کا نام ونشان مٹا کر رکھ دے اور ایسی گندی اور شیطانی ذہنیت رکھنے والا ٹرمپ یہ بھی چاہتا ہے کہ اسے نوبل انعام برائے امن ملے کل ممکن ہے یہی ایوارڈ نیتن یاہو بھی مانگے اور بعد از مرگ نوبل انعام برائے امن ہٹلر، مسولینی، موشے دایان کو بھی دیا جائے۔ ٹرمپ کا یہ دعویٰ کہ اس نے ہندستان اور پاکستان کے درمیان متوقع نیوکلیائی جنگ 88 گھنٹوں کے اندر ختم کرا دی۔ تائیوان میں خونریزی رکوائی، یوکرین اور روس کے درمیان بھی مفاہمت کرائی، لہٰذا انہیں نوبل انعام برائے امن ملنا چاہئے اور اگر صحیح معنوں میں یہ ایوارڈ ٹرمپ کو دیا جاتا ہے تو پھر اس ایوارڈ کو بنجامن نیتن یاہو کے ہاتھوں دلایا جائے جو 73000 فلسطینیوں کے قتل عام کا ذمہ دار ہے۔ اس وقت پورے یورپ میں خاص طور پر برطانیہ اور فرانس میں ہر روز ہزاروں ہزار کی تعداد میں لوگ غزہ کے سلسلے میں پر زور احتجاج کرتے ہوئے اپنے ملک کے سربراہ پر زور ڈال رہے ہیں کہ وہ اسرائیل کے خلاف عملی طور پر اٹھ کھڑے ہوں اور ان کے احتجاج اور ہر روز ہزاروں لوگوں کے ساتھ احتجاجی جلوس نکالنا ان یوروپین ملکوں میں جہاں کے لوگوں کو ایک منٹ کے لئے بھی فرصت نہیں ہے وہ لوگ اپنا قیمتی وقت اور توانائی ضائع کر کے فلسطینیوں کے حق میں آواز اٹھا رہے ہیں اور دوسری طرف یہ عرب ممالک ہیں جن کی زبان سے ایک لفظ نہیں نکل رہا ہے کیونکہ انہیں اپنی ترقی اپنی تجارت اور اپنے تیل کی کمائی پر بڑا غرور ہے، لیکن یہ عرب حکمراں اس حقیقت سے نابلد کیوں ہیں کہ اسرائیل نے آج فلسطین کا نام روئے زمین سے ہٹایا ہے کل وہ امریکہ کی شہہ پر اپنی مملکت کو مزید توسیع تر کرنے کے لئے دوسرے عرب ملکوں کو بھی نشانہ بنائے گا کیا اس وقت یہ عرب ممالک کے شہ زور امیر سلطنت دوسرے ملکوں سے مدد کے لئے آواز بھی نکال سکتے یں اور کیا کوئی بھی ملک ان عرب ملکوں کے حال زار پر ترس کھا سکتا ہے۔

ابھی برطانوی وزیر خارجہ ڈیوڈ لیمی کے اس بیان کی بڑی ستائش ہو رہی ہے جس نے کہا کہ وہ غزہ سے تمام شدید بیمار اور زخمی بچوں کو علاج کے لئے ان کے والدین سمیت برطانیہ میں لائیں گے جس کا پہلا گروپ اسی ہفتے برطانیہ میں پہنچے گا۔ ڈیوڈ لیمی نے اسرائیل کی زبردست مذمت کرتے ہوئے کہا کہ غزہ پیدا کی گئی غذائی قلت وقحط میں انسانی سازش ہے۔ اسرائیل امدادی ٹرکوں کو نشانہ بنا رہا ہے جس میں سینکڑوں ٹرک ڈرائیور اور ہیلپر ٹرک سمیت ریزہ ریزہ ہو گئے ہیں، انہوں نے کہا کہ غزہ میں کوئی قدرتی آفت نہیں ہے بلکہ یہ 21 ویں صدی کے انسانوں کا پیدا کردہ قحط ہے اسرائیل کی جانب سے غزہ میں امداد کی ترسیل کو روکنا عالمی سطح پر اس کی ساکھ کو شدید نقصان پہنچا رہا ہے۔ برطانوی حکام ان طلباء کی بھی مدد کر رہے ہیں جنہیں برطانیہ کی یونیورسٹی میں وظیفے جاری کئے گئے ہیں تا کہ وہ اپنی تعلیم کا سلسلہ جاری رکھ سکیں۔ انہوں نے یہ اعلان بھی کیا کہ برطانیہ عنقریب فلسطین کو تسلیم کرنے کا اعلان کر دے گا۔ برطانوی وزیر خارجہ ڈیوڈ لیمی کے اس بیان کے بعد یہ کہا جا سکتا ہے کہ دنیا ابھی ختم نہیں ہوگی جب تک ڈیوڈ لیمی جیسے دردمند دل رکھنے والے مہربان شخص ہوں گے۔

روزنامہ عوامی نیوز
کولکاتا | جمعہ، ۰۵ ستمبر ۲۰۲۵ء

بی جے پی میں ناتراشیدہ کندوں کی کمی نہیں سبھی لیڈران مودی کا مکھوٹا پہن کر ہیں

گزشتہ چند مہینوں سے ہندستان کی ان ریاستوں میں جہاں بی جے پی کی حکمرانی ہے وہاں بنگلہ بولنے والے بنگال کے مہاجر مزدوروں (خصوصاً مسلم مزدوروں) پر پولس اور فرقہ پرستوں نے ظلم وستم کی انتہا کر دی ہے، فرقہ پرست وزراء اور ان کے پالے ہوئے غنڈوں کی مدد سے پورے ملک میں دہشت گردی پھیلا رکھی ہے اور اسی پر بی جے پی کی لیڈر کا ایک بیان سامنے آیا ہے کہ بی جے پی حکومت نے ملک کی تمام ریاستوں میں ایس آئی آر (SIR) نافذ کرنے اور ساتھ ہی ساتھ ڈیٹینشن کیمپ تیار کرنے کا حکم دیدیا ہے اور اگر بنگال کی وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی جو بنگال میں ایس آئی آر اور ڈیٹنشن کیمپوں کی تیاری میں اڑنگا لگا رہی ہیں تو وہ جان لیں کہ وہ کچھ نہیں کر سکیں گی اور عوام کو بھڑکانے کی کوشش کی گئی تو پھر ہم بنگال میں الیکشن بھی نہیں ہونے دیں گے۔ حیرت اسی بات پر ہے کہ بی جے پی کے ایسے لیڈران مرد وخواتین جن کا نام بھی کوئی نہیں جانتا وہ نکڑ میٹنگ بلا کر نکڑ ناٹک دکھانے کی کوشش کر رہے ہیں، لیکن ان فرقہ پرستوں کو یہ معلوم ہونا چاہئے کہ یہ مغربی بنگال ہے جہاں 87% سیکولر اور جمہوریت پسند لوگ رہتے ہیں اور یہ کوئی مدھیہ پردیش، راجستھان، اتر پردیش، اڈیشہ، آسام یا ہماچل پردیش نہیں ہے جہاں بی جے پی پیگاسیس کیمرہ باندھ کر کبوتروں کے ذریعہ بنگال کی نگرانی اور جاسوسی کرانے اور بنگال میں فساد بھڑکانے میں کامیاب ہو جائے۔ بنگال کے لوگ امن پسند اور بھائی چارے پر یقین رکھتے ہیں اور اس وقت اگر یہ کہا جانے تو اسے مبالغہ نہ سمجھا جائے کہ عوام کے دلوں سے مودی کا سحر ٹوٹ چکا ہے اور سبھی اس حقیقت سے واقف ہو چکے ہیں کہ یہ شخص صرف جملہ باز ہے اور صرف جملہ بازی کے بل بوتے پر وہ اپنی ناؤ چلا رہا ہے لیکن اس حقیقت سے بے خبر کہ اس کے ناؤ میں سوراخ ہو چکا ہے، لوگ اب ان سے حد درجہ بیزار ہو چکے ہیں۔ گزشتہ 12 برسوں کے دوران مودی حکومت نے عوام کی فلاح وبہبود کے لئے ایک بھی کام نہیں کیا ہندستان بھر میں بے روزگاری کی تعداد کروڑوں کروڑ ہو چکی ہے اور جب اس پر بہت زیادہ چیخم دھاڑ مچتی ہے تو وہ کسی تقریب میں 70 سے 75 ہزار لوگوں کو روزگار کا سرٹیفکیٹ دیتے ہیں لیکن ان لوگوں کو کہاں پر فٹ کیا جاتا ہے اور وہ لوگ کون ہیں جو مرکزی حکومت کی نوکری سے لگے ہیں اس بابت کوئی بھی کچھ نہیں جانتا، سوائے اگنی ویر کے جس میں نوجوانوں کو پانچ برسوں کی نوکری دی جاتی ہے پھر اس کے بعد چراغوں سے روشنی غائب۔ غریبوں کی ہمدرد اور بے کسوں کی مسیحا ممتا بنرجی اس وقت بنگال کے مہاجر مزدورون پر ہو رہے ظلم وستم جس میں کئی لوگ معبود حقیقی سے بھی جا ملے ہیں، اس کے خلاف بنگال اسمبلی میں ایک قرارداد پیش کی گئی ہے جس میں بی جے پی کی حکمرانی والی ریاتوں میں بنگلہ بولنے والے مہاجر مزدوروں پر کرب واذیت کی انتہا کر دی گئی ہے، ایک نوجوان مسلم مزدور جس کی عمر 19 سال تھی اس نے اپنے پاؤں کے دونوں تلوے دکھائے جس پر اڈیشہ پولس نے رات بھر تلوے میں ڈنڈے مارے کہ پاؤں کی ہڈی دو تین جگہ سے فریکچر ہو گئی ہے اور وہ صحیح ڈھنگ سے کھڑا بھی نہیں ہو پا رہا ہے۔ پارلیمانی امور کے وزیر شوبھن دیب چٹو پادھیائے نے اس تجویز کو اسمبلی میں پیش کیا۔ جس پر اس کا حوالہ بھی دیا کہ دہلی میں ایک کمسن لڑکے پر حد سے زیادہ ظلم و ستم کیا گیا جس پر ایوان میں موجود بی جے پی کے ممبروں نے انتہائی بے حیائی سے کہا کہ آہ رے بیچارہ! بی جے پی ممبروں کی اس بے حیائی پر وزیر مالیات چندریما بھٹا چاریہ اور خواتین واطفال بہبود کی وزیر ششی پانجہ نے ان کے ناروا رویے پر سخت تنقید کی کہ بے حیائی کی بھی کوئی حد ہوتی ہے اور غیض وغضب کے ساتھ انتباہ کیا کہ ایوان میں ادب کا لحاظ رکھو! لیکن اس دوران بی جے پی کے ممبران لگاتار مودی مودی کی گردان کرتے رہے جس سے صاف اندازہ ہو گیا کہ پورے بی جے پی میں صرف ایک ہی نام ہے اور باقی سبھی ناتراشیدہ کندے ہیں جنہیں نہ بولنا آتا ہے اور نہ ادب ولحاظ کا پاس رکھنا، یہی وجہ ہے کہ بنگال میں بی جے پی 2011 سے لے کر اب تک مسلسل شرمناک شکست سے دو چار ہو رہی ہے۔ آخر لوگ کس بی جے پی لیڈر کو ووٹ دیں، سبھی تو اپنے چہروں پر مودی کا مکھوٹا پہن کر ہیں اور صرف بنگال کی نہیں پورے ہندستان کی تصویر ہے اور لوگ مودی کے علاوہ کسی کو نام سے جانتے ہیں تو وہ وزیر ٹرانسپورٹ نتن گڈکری ہیں اور باقی سب مودی کا مکھوٹا ہیں! (خ الف ف)

حَيَّ عَلَى الصَّلٰوة
اَلصَّلٰوةُ خَيْرٌ مِّنَ النَّوْمِ
(اوّل وقت)
برائے کولکاتا و مضافات
05 ستمبر 2025

فجر	3 بج کر 58 منٹ
طلوع آفتاب	5 بج کر 20 منٹ
ظہر	11 بج کر 35 منٹ
عصر	4 بج کر 04 منٹ
مغرب	6 بج کر 55 منٹ
عشاء	7 بج کر 06 منٹ

مندرجہ ذیل شہروں میں اضافہ کریں:
بردوان 2 منٹ، رانی گنج 5 منٹ، آسنسول 5 منٹ، دھنباد 8 منٹ، پرولیا 8 منٹ۔

بنگلورو میں مالدہ کے مزدور کی پراسرار موت!

سیپٹک ٹینک سے لاش برآمد، غمزدہ پریوار کے ساتھ ایم ایل اے نے کھڑا ہونے کا یقین دلایا

مالدہ،4ر ستمبر: بیرونی ریاست میں کام کے دوران بنگال کے ایک مہاجر مزدور کی پراسرار موت ہوئی ہے۔ تقریباً 2 ماہ تک لاپتہ رہنے کے بعد اس کی لاش ایک سیپٹک ٹینک سے برآمد ہوئی ہے۔ اس واقعہ پر علاقے میں کہرام مچ گیا ہے۔ موت کی وجہ ابھی تک معمہ بنی ہوئی ہے۔ ایم ایل اے عبدالرحیم بخشی اطلاع ملتے ہی متوفی کارکن کے گھر گئے۔ انہوں نے متوفی کے اہل خانہ کے پاس شانہ بشانہ ہونے کا یقین دلایا۔ معلوم ہوا ہے کہ متوفی کا نام مکیش منڈل (30) ہے۔ وہ چانچل بلاک نمبر 2 کے کشم پور گرام پنچایت علاقے کے پران پور گاؤں کا رہنے والا ہے۔ گھر میں اس کی بیوی اور 2 بچے ہیں۔ کچھ مہینے پہلے، وہ ایک کارکن کے طور پر کام کے لیے بنگلورو گیا تھا۔ شروع میں سب کچھ نارمل تھا۔ خاندانی ذرائع کے مطابق گھر والے مکیش سے دو ماہ سے رابطہ نہیں کر پا رہے تھے۔ جس کی وجہ سے پورا گھر بے چینی میں مبتلا تھا۔ پھر یہ بری خبر آئی کہ مکیش کی سڑی ہوئی لاش بنگلور کے ایک سیپٹک ٹینک سے ملی ہے۔ قدرتی طور پر، یہ موت اسرار میں ڈوبی ہوئی ہے۔ خاندانی ذرائع کے مطابق نوجوان کا پوسٹ مارٹم کے بعد کسی کو بتائے بغیر بنگلورو میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ لیکن کیوں؟ لواحقین نے اس کا تحقیقات کے لئے مطالبہ کر رہے ہیں۔ اس پراسرار موت کے بارے میں معلوم ہونے کے بعد ضلع ترنمول کے صدر اور مالتی پور اسمبلی حلقہ کے ایم ایل اے عبدالرحیم بخشی بدھ کو متوفی کارکن کے گھر گئے اور اس کے بے سہارا کنبہ کے ساتھ کھڑے ہوئے۔ ان کا کہنا تھا کہ نوجوان کی موت سے خاندان بے بس ہے، وہ جس کمپنی میں کام کر رہا تھا اس نے اب تک کوئی مالی امداد فراہم نہیں کی، اگر مالی مدد کی ضرورت پڑی تو ہم مقدمہ درج کرائیں گے۔

☆☆

حضور اکرمؐ کی ولادت باسعادت اہلِ اسلام کیلئے ایک بہترین نمونۂ عمل

(مولانا محمد علیم الدین فیضی الرضوی)

ربیع النور کا مہینہ منبعِ انوار اور رحمت کا مظہر ہے۔ یہ ایسا مہینہ ہے جس میں ہر سال اظہارِ سرور کا حکم دیا گیا ہے یومِ ولادتِ رسول کا جشن (عید میلاد النبیؐ) منانا عالمِ اسلام کے مسلمانوں کا محمود ومقبول اور مستحسن عمل ہے جسے پوری دنیا میں بڑے اہتمام کیساتھ منایا جاتا ہے اہلِ اسلام اس مقدس ماہ میں کثرت سے میلاد کی محفلیں منعقد کرتے ہیں کیونکہ میلاد کی برکتوں سے میلاد کرنیوالوں پر اللہ تعالیٰ کا فضل عظیم ہمیشہ سے ظاہر ہوتا چلا آرہا ہے اور محفلِ میلاد پاک کا یہ مجرب خاصہ ہے کہ جس سال میں محافلِ میلاد النبیؐ کی جائیں وہ تمام سال امن وامان سے گزر جاتا ہے۔ ہادئ اعظمؐ کا ظہورِ قدسی اور ولادتِ مقدسہ مومنین کیلئے میں کمالِ فرحت وسرور کا موجب ہے جیسا کہ قرآن عظیم میں اللہ تعالیٰ کا فرمان عظیم الشان ہے (ترجمہ) اے لوگو! تمہارے پاس تمہارے رب کی جانب سے نصیحت آئی اور دلوں کی صحت اور ہدایت اور رحمت ایمان والوں کیلئے، فرما دیجئے! اور اسی کے فضل اور اسی کی رحمت ہے تو اسی پر چاہیے کہ وہ خوشی کریں وہ بہتر ہے اس سے کہ وہ جمع کرتے ہیں (پارہ 11 رکوع ۱۱) ظاہر ہے کہ رحمت، ہدایت، شفا اور نصیحت سب کچھ حضور اکرمؐ کی پیدائش اور تشریف آوری پر موقوف ہے اس آیتِ کریمہ میں ان سب چیزوں پر خوش ہونیکا حکم دیا گیا ہے اور بتایا گیا ہے کہ یہ وہ نعمتیں ہیں جو لوگوں کی ہر نعمت اور دولت سے بہتر ہیں۔ نبیؐ آخر الزماںؐ کی شخصیت اور ذاتِ مقدسہ میں ایسی کشش اور جاذبیت ہے، انسان تو انسان چرند، پرند، اور درند بھی ہادئ اعظمؐ پر درود وسلام بھیجتے ہیں اور وہ کسی دور میں کم نہیں ہوگی بلکہ یہ کشش اور جاذبیت میں

نوعِ انسان کیلئے اضافہ اور فائدہ ہی ہوتا چلا جائیگا۔ حضور اکرمؐ کی جلوہ گری کے تعلق سے شانِ الٰہی کا یہ انمول اور اول نمونہ ہے کہ آپ کی شبِ ولادت میں نور کی شعاعوں سے دنیا کے مشرق ومغرب کی راہیں روشن ہو گئیں تمام بت اوندھے گر پڑے ہزاروں برس سے سلگی فارس کے آتش کدہ کی آگ بجھ گئی خشک دریاؤں میں پانی بھر گئے حدیثوں میں مذکور ہے کہ آقا کریمؐ کی شبِ جلوہ گری میں جماعتِ ملکوتی میں ندا کی گئی کہ سارے جہان کو انوارِ قدس سے منور کردو آسمان وزمین کے تمام فرشتے مسرت وشادمانی سے جھوم اٹھے داروغۂ جنت کو حکم ہوا فردوسِ اعلیٰ کو کھول دے سارے جہاں کو خوشبوؤں سے معطر کردے اور زمین وآسمان کے ہر طبقہ اور ہر مقام پر مژدہ سنادے کہ نورِ محمدیؐ آج کی شب تمام جہاں کو منور ومشرف اور مسرور کرنے آرہا ہے اس شب میں ہر گھر منور اور روشن ہوا کوئی جگہ ایسی نہ تھی جو انوار وقدس سے جگمگا نہ رہی تھی کوئی جانور ایسا نہ تھا جس کو قوتِ گویائی عطا نہ کی گئی ہو اور اس نے آمدِ مصطفیٰؐ کی بشارت نہ دی ہو مشرق کے پرندوں نے مغرب کے پرندوں کو خوش خبریاں دیں شیاطین کا آسمان پر چڑھنا ممنوع قرار دیا گیا روئے زمین کے سارے بت اوندھے پائے گئے سرورِ کونینؐ کا بچپن تمام بچوں سے منفرد اور بے مثال تھا آپ چلتے تو آپ کے سر پر بادل کا ٹکڑا سایہ کئے رہتا جب آپ دودھ نوش فرماتے تو حضرتِ حلیمہؓ کی داہنی چھاتی کا دودھ نوش فرماتے بائیں طرف اپنے رضائی بھائی کے لئے چھوڑ دیتے آپ کے بچپن میں کبھی بول و براز کپڑے میں نہیں کیا بلکہ دونوں کے وقت مقرر تھے کہ اسی وقت میں رکھنے والے جائے بول وبراز کرا لیتے اور کبھی آپ کا ستر برہنہ نہ ہوتا اور جب کپڑا اتفاقاً اٹھ جاتا فرشتے فوراً چھپا دیتے سید عالم کا زمانۂ طفولیت کے علاوہ آپکی جوانی بھی عام لوگوں سے نرالی تھی آپ کا شباب مجسم حیا اور چال چلن عصمت ووقار کا کامل نمونہ تھا حتی کہ سید عالمؐ کی مکمل زندگی بہترین اخلاق وعادات کا خزینہ تھی سچائی، دیانتداری، وفاداری، عہد کی پابندی، بزرگوں کی عظمت، چھوٹوں پر شفقت، رشتہ داروں سے محبت، قوم کی خدمت، رحم وسخاوت، دوستوں سے ہمدردی، عزیزوں کی غمخواری، غریبوں اور مفلسوں کی خبر گیری، دشمنوں کیساتھ نیک برتاؤ، مخلوقِ خدا کی خیر خواہی، کم بولنا، فضول باتوں سے دور رہنا، خندہ پیشانی سے دوستوں اور دشمنوں سے ملنا غرض کہ تمام نیک خصلتوں اور عمدہ عمدہ باتوں میں آپ اتنی بلند منزل پر فائز تھے کہ دنیا کے بڑے بڑے انسانوں کے لئے وہاں تک رسائی تو کیا اس کا تصور بھی ممکن نہیں ہے۔ لہٰذا آقا کائناتؐ کی ذاتِ مقدسہ کے ظہور پر جتنی بھی خوشیاں منائیں کم ہے سید عالمؐ کی آمدِ باسعادت۔

بارش کے درمیان جنوبی بنگال میں ایک ہی قدم میں درجہ حرارت 4 ڈگری بڑھ سکتا ہے

کولکاتا:4 ستمبر (عوامی نیوز سروس) پورے بنگال میں تقریباً ایک ماہ سے بارش ہو رہی ہے۔ محکمہ موسمیات نے پیش گوئی کی ہے کہ کولکاتا پوجا کے دوران بھی تیر سکتا ہے۔ تاہم یہ معلوم ہوا ہے کہ کم دباؤ اوڈیشہ اور جھارکھنڈ سے چھتیس گڑھ کی طرف بڑھ رہا ہے۔ جس کی وجہ سے بنگال میں موسم قدرے بدل جائے گا۔ ہلکی سے درمیانی بارش ہونے کی صورت میں بھی درجہ حرارت میں تین سے چار ڈگری تک اضافہ ہوگا۔
محکمہ موسمیات کے مطابق مانسون کا محور اڈیشہ میں پھر سے ہے۔ جیسلمیر، کوٹا، گنا، جبل پور کے بعد، یہ چھتیس گڑھ میں کم دباؤ پر گوپال پور سے جنوب مشرق کی طرف بڑھ گیا ہے اور مشرقی وسطی خلیج بنگال تک پھیل گیا ہے۔ جس کی وجہ سے آج بدھ کو کئی اضلاع میں گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ شمالی اور جنوبی 24 پرگنہ، مغربی مدنا پور، جھارگرام، بانکورہ، پرولیا، مغربی بردوان، بیربھوم میں ہلکی سے درمیانی بارش ہوسکتی ہے۔ اس کے ساتھ ہی ساحلی اضلاع میں 30 سے 40 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے تیز ہوائیں چلیں گی۔
جمعہ سے بارشیں کم ہوں گی۔ جنوبی بنگال کے اضلاع میں گرج چمک کے ساتھ ہلکی سے درمیانی بارش کا امکان ہے۔ جنوبی 24 پرگنہ، مشرقی اور مغربی مدنا پور اور جھارگرام میں مزید بارش کا امکان۔ تاہم ہوا میں پانی کے بخارات زیادہ ہونے کی وجہ سے نمی سے متعلق تکلیف ہوگی۔ ہفتہ اور اتوار کو بارش کا امکان کم ہو جائے گا۔ نمی سے متعلق تکلیف میں اضافہ ہوگا۔ جنوبی بنگال کے اضلاع کے کچھ علاقوں میں ہلکی سے درمیانی بارش کا امکان۔ تاہم پیر سے بارش دوبارہ شروع ہوگی۔
علی پور محکمہ موسمیات کے مطابق شمالی بنگال میں آج سے بارش میں کمی آئے گی۔ تاہم، زیادہ پانی کے بخارات کی وجہ سے، آپ نمی سے متعلق تکلیف محسوس کریں گے۔ بعض اضلاع میں گرج چمک کے ساتھ ہلکی سے درمیانی بارش کا امکان ہے۔ دارجلنگ، کالمپونگ، جلپائی گوڑی، علی پور دوار، کوچ بہار کے کچھ حصوں میں گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ بارش پیر تک جاری رہے گی۔

☆☆☆

پوسٹ گریجویٹ اینڈ ریسرچ شعبہ اردو، ہگلی محسن کالج کے پانچ طلباء وطالبات کو پی۔ ایچ۔ ڈی۔ کی اعلیٰ ڈگری تفویض

20 اگست، 2025 کو بردوان یونیورسٹی کے کونووکیشن میں پوسٹ گریجویٹ اینڈ ریسرچ شعبہ اردو، ہگلی محسن کالج کے پانچ طلباء و طالبات کو وائس چانسلر کے ہاتھوں پی۔ ایچ۔ ڈی۔ کی اعلیٰ ڈگری تفویض ہوئی۔ ۱. ڈاکٹر تمنا پروین (موضوع: عصمت چغتائی کے ناولوں کا تجزیاتی مطالعہ) نے کئی بار نیٹ اور دوبار جے۔ آر۔ ایف۔ یونیورسٹی گرانٹ کمیشن۔ پاس کیا۔ ان دنوں اسسٹنٹ ٹیچر، فیض احمد فیض ہائی اسکول، تیلنی پاڑہ۔ ہگلی۔ نگراں: ڈاکٹر عمر غزالی، صدر شعبہ اردو، ہگلی محسن کالج۔ ۲. ڈاکٹر محمد عابد حسن (موضوع: مختار الدین آرزو کی اردو تحقیقی خدمات: ایک تنقیدی مطالعہ) جے۔ آر۔ ایف۔ یونیورسٹی گرانٹس کمیشن، پاس کیا۔ ان دنوں اسسٹنٹ ٹیچر، مومن ہائی اسکول، ایچ۔ ایس۔، کولکاتہ، ہیں۔ نگراں: ڈاکٹر عمر غزالی ۳. ڈاکٹر انجم آراء (موضوع: بنگال میں تانیثی اردو ادب: ایک تنقیدی مطالعہ)، نگراں: ڈاکٹر عمر غزالی ۴. ڈاکٹر طاہرہ خاتون (موضوع: ترقی پسند افسانوں میں انسان دوستی)، ان دنوں سیکٹ-۱، شعبہ اردو، سری گوپال بنرجی کالج، موگرا، ہگلی۔ نگراں: ڈاکٹر محمد شفقت کمال۔ 5. ڈاکٹر ظفر اقبال (احتجاج اور اردو افسانہ)، نیٹ، یونیورسٹی گرانٹس کمیشن اور سیٹ، ویسٹ بنگال کالج سروس کمیشن دونوں کوالیفائی کیا ہے۔ ان دنوں اسسٹنٹ ٹیچر، نکری باڑی ہائی اسکول ایچ۔ ایس۔ ہیں۔ نگراں: ڈاکٹر محمد شفقت کمال
ان تمام طلباء وطالبات نے شعبہ اردو، ہگلی محسن میں پی ایچ ڈی کورس کی کلاسیز کیں، ان کے امتحانات اور پی ایچ ڈی کے فائنل وائیوا بھی اسی شعبہ اردو ہگلی محسن کالج میں ہوئی۔

بھاری گاڑیوں کی وجہ سے خستہ حال تملا پل گرنے کا خدشہ، مرمت کا مطالبہ

آسنسول: 4ر ستمبر، (عوامی نیوز سروس): درگاپور شہر کے وارڈ نمبر 33 چاسی پاڑا بارتی میں واقع تملہ پل خستہ حال ہو گیا ہے کالونی کے لوگوں نے ڈیڑھ ماہ قبل پل کے قریب مٹی پر بھاری گاڑیوں کی آمدورفت پر اعتراضات اٹھائے تھے اور پل کی مرمت کے لیے کارپوریشن کو تحریری طور پر درخواست دی تھی لیکن درخواست کے ڈیڑھ ماہ گزرنے کے باوجود کارپوریشن کی جانب سے کوئی کارروائی نہیں کی گئی جس کی وجہ سے کالونی کے لوگ مایوسی کا شکار ہیں اور پل ٹوٹنے کے خوف سے خوف وہراس کا شکار ہیں لوگوں کا کہنا ہے کہ پل پر بھاری گاڑیوں کو روکنے کے لیے پل کے قریب مٹی کے ڈھیر لگا کر سڑک بند کرنے کے باوجود روزانہ سینکڑوں ہیوی گاڑیاں اس پل سے گزر رہی ہیں جس کی وجہ سے پل ٹوٹنے کا خدشہ ہے۔ کارپوریشن انتظامیہ کو اس معاملے میں جلد کوئی انتظام کرنا چاہیے ورنہ اگر تملہ پل ٹوٹ جاتا ہے تو کالونی کے لوگوں کا شہر سے رابطہ منقطع ہو جائے گا جس کا خمیازہ بارتی کے ساتھ ساتھ شہر کے لوگوں کو بھی اٹھانا پڑے گا۔ قابل ذکر ہے کہ شہر کے وارڈ نمبر 33 میں واقع چاسی پاڑا درگاپور اسٹیل پلانٹ (ڈی ایس پی) کی زمین پر واقع ہے یہ پورا علاقہ ہندی اکثریتی علاقہ ہے جہاں کئی دہائیوں سے چار ہزار سے زیادہ خاندان سبزیوں کی کھیتی اور چھوٹے کاروبار سے منسلک ہیں شہر کا گندا پانی کالونی کے ساتھ واقع تملا ندی سے نالے کے ذریعے دامودر ندی میں بھیجا جاتا ہے۔ کالونی کے لوگوں نے برسوں پہلے نالے پر بانس کا پل بنایا تھا بارتی کے لوگ کئی بار بانس کے پل کو عبور کرتے ہوئے حادثات کا شکار ہو چکے ہیں۔ مقامی لوگوں کے مطالبے پر کارپوریشن نے سال 2000 میں سی پی ایم کے دور حکومت میں کنکریٹ کا پل تعمیر کیا تھا۔ لوگوں کے علاوہ مختلف پلانٹس میں کام کرنے والے مزدوروں کے لیے اس پل سے چھوٹی گاڑیاں گزرتی تھیں شہر میں کارخانوں کے بڑھنے سے اس پل پر بڑی گاڑیوں کی آمدورفت شروع ہو گئی جس کی وجہ سے یہ پل کمزور پڑنا شروع ہو گیا مقامی لوگوں نے بتایا کہ پل کی تعمیر کے بعد کالونی کے اسکولی بچوں کے لیے بھیرنگی موڑ اور مایا بازار، گاندھی موڑ جانے میں کافی سہولت ہے لیکن اس طرح بڑی گاڑیوں کی آمدورفت کی وجہ سے پل ٹوٹ سکتا ہے۔ ششی کلا ساہنی سمیت کالونی کی کئی خواتین نے کہا کہ کچا سڑک بند کرنے پر کچھ لوگوں نے ترنمول کے مقامی لیڈر شنکر رائے اور وکی شرما پر جبری وصولی کا جھوٹا الزام لگا کر انہیں بدنام کرنے کی کوشش کی تھی جو غلط ہے۔ شنکر رائے کالونی کے لوگوں کو سہولیات فراہم کرنے کی مسلسل کوشش کر رہے ہیں۔ پل کی مرمت کے مطالبہ پر درگاپور میونسپل کارپوریشن کے بورڈ آف ایڈمنسٹریٹر کے رکن دھرمیندر یادو نے کہا کہ کالونی کے لوگوں کی درخواست موصول ہوئی ہے کسی بھی کام میں وقت لگتا ہے، ٹینڈر کے عمل کے تحت تملہ پل کی مرمت کی کوشش کی جائے گی اس معاملے پر جلد ہی بورڈ میٹنگ میں بحث کی جائے گی۔ امید ہے کہ چاسی پاڑا کے عوام کا مسئلہ جلد حل ہو جائے گا۔

اچ آر اچ پرنس ڈاکٹر ایم اے علی کو اینگلو عربک اسکول ملک پور، کولکاتا میں یوم اساتذہ پر اعزاز سے نوازا گیا

کولکاتا:4 ستمبر، 2025، اینگلو عربک پبلک اسکول، ملک پور، کولکاتا نے یوم اساتذہ کو ایک یادگار تقریب کے ساتھ منایا جس میں طلباء، اساتذہ اور معزز مہمانوں کو اکٹھا کیا گیا۔ اس موقع پر اچ آر اچ پرنس ڈاکٹر ایم اے علی نے مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی اور اسکول کی کمیونٹی کی طرف سے ان کا تہہ دل سے خیر مقدم کیا۔
اپنی متاثر کن تقریر میں، اچ آر اچ پرنس ڈاکٹر ایم اے علی نے تعلیم کی تبدیلی کی طاقت پر زور دیتے ہوئے کہا: "تعلیم سے، آپ زندگی میں کچھ بھی حاصل کر سکتے ہیں۔ علم سب سے بڑی طاقت ہے جو مواقع کے دروازے کھولتی ہے، زندگی بدلتی ہے، اور معاشروں کو ترقی دیتی ہے۔ ہر طالب علم کو عزم اور نظم وضبط کے ساتھ اپنی پڑھائی پر توجہ دینی چاہیے، کیونکہ تعلیم ہی کامیابی کی کلید ہے۔"
اس موقع پر شہزادہ نے گزشتہ سال کے ٹاپرز کو ان کی شاندار تعلیمی کارکردگی کے اعتراف میں تحفہ دیتے ہوئے انہیں بھی مبارکباد دی۔ ادارے کے لیے بڑے فخر کا لمحہ اس اعلان کے ساتھ آیا کہ اینگلو عربک پبلک اسکول کے ایک طالب علم کو تھائی لینڈ میں ہونے والے آئندہ ورلڈ میٹ 2026 میں ہندوستان کی نمائندگی کے لیے منتخب کیا گیا ہے، جس سے اسکول کی عالمی شناخت ہوئی ہے۔
اس تقریب میں پرنسپل امان پروین، سکریٹری پشپا شرما، نائب صدر ابو خالد محمد طفیل غنی، کوآرڈینیٹر محمد آصف، ٹیم HUM کے نوید اختر، اور یووا فاؤنڈیشن کے شاداب خان سمیت اسکول کے اہم اراکین اور متعلقہ تنظیموں نے شرکت کی۔ ان کی موجودگی نے دن کی کارروائی میں مزید اہمیت پیدا کی۔
اینگلو عربک پبلک اسکول کمیونٹی میں ایک خاص مقام رکھتا ہے، کیونکہ اس کے زیادہ تر طلباء پہلی نسل کے سیکھنے والے ہیں جن کے والدین رسمی تعلیم حاصل کرنے سے قاصر تھے۔ ان چیلنجوں کے باوجود، اسکول معیاری تعلیم اور مجموعی ترقی کے مواقع فراہم کرنا جاری رکھے ہوئے ہے، اس بات کو یقینی بناتے ہوئے کہ اس کے طلبا ایک روشن مستقبل میں قدم رکھیں۔
جشن کا اختتام تالیوں، خوشیوں، اور طلباء میں حوصلہ افزائی کے نئے جذبے کے ساتھ ہوا، جس سے اس پیغام کو تقویت ملی کہ تعلیم سب سے بڑا تحفہ ہے جسے کوئی حاصل کر سکتا ہے۔

صحافی وملی رہنما عبدالعزیز صاحب کی کتاب میری ڈائری کچھ یادیں کچھ باتیں کا رسم اجراء کلکتہ کے ۳۳ شیکسپیر سرانی عرفان لائبریری میں ہوا۔ اس موقع پر موجود تھے نثار احمد۔ ڈاکٹر محمد فاروق۔ ۔غلام محمد۔ ۔قمر الدین ملک۔ مولانا اشرف علی قاسمی۔ مولانا مجاہد حسین حبیبی۔ نور اللہ جاوید۔ ذوالفقار غازی۔ مختار عالم۔ عرفان شیر۔ ڈاکٹر عقیل احمد۔ رئیس ؟ عظم حیدری۔ اشفاق احمد۔ ندیم احمد اوپی شاہ۔ سمیت دیگر شرکاء ۔ نظامت کا فرائض شاداب معصوم نے انجام دیا تصویر ساجد پرویز

حج عمرہ زیارت
جشنِ عید میلاد النبی ﷺ
مدینہ ٹراویلس
گرام+پوسٹ: چوہاٹی، تھانہ سنار پور، کولکاتا-149
گورنمنٹ رجسٹریشن نمبر IV1603-00060
امام حسین مظاہری-9433542550/9830401057
حج، عمرہ کے لئے 100% بھروسہ مند ادارہ ومعزز عالم ودانشوروں کے مشورے سے منضبط پورے طور پر گائیڈ کی رہنمائی میں چلنے والا ایک قابل اعتماد ادارہ
آپ اگر 2026 سال میں فرض حج کے لئے روانہ ہونا چاہتے ہیں تو ملاقات کرسکتے ہیں
اکتوبر کے مہینے میں پوجا کی چھٹی میں اسپیشل گرین پیکیج -/95,000 روپئے کا ہے
- مکہ ومدینہ ہوٹلوں کے نہایت ہی قریب رہنے کا انتظام
- 2 وقت بنگالی طرز کا مزیدار کھانے کا بندوبست، بوفے سسٹم کے اور صبح کا ناشتہ کا بھی بہتر انتظام ہوگا
- مکہ ومدینہ سبھی مقامات کی زیارتیں وپسِ منظر کا خوبصورت نظارہ
- ہر مہینے میں گروپ میں جانے کا انتظام
- خصوصی تحائف زم زم کا پانی، گائیڈ بک، سات دانے والی تسبیح، سائڈ بیگ، عطر
- 15 سے 17 دنوں کے لئے عمرہ۔ حج کا اسپیشل پیکیج -/95,000 روپے مقرر
کم خرچ میں اعلیٰ معیار کی خدمات ہم لوگوں کا ہدف دنیا میں ہمارا ہدف ہے
کم خرچ کیلئے رابطہ کر سکتے ہیں
- مفتی لیاقت صاحب (جوگدیا)
- حاجی عبدالرحمٰن صاحب (خاص ملک بروئی پور)
- حاجی کرم علی سردار (کمال غازی)
- حاجی نور محمد (ندیا، پلاسی)
- حاجی ابوطاہر (لال باغ، مرشدآباد)
- قاضی نذر الاسلام (بردوان ٹاؤن)
رمضان مہینے کے لئے عمرہ حج کی بکنگ چل رہی ہے
ہر مہینے عمرہ گروپ کا انتظام ہے

بقیہ صفحہ اول کی

بقیہ: بنگال میں تبدیلی کی
ہو چکا ہے اب ان کی جانے کی گھنٹی بھی بج چکی ہے۔ بروز جمعرات کو اسمبلی میں بنگلہ و بنگالیوں پر ''تشدد'' کے خلاف جو تجویز رکھی گئی اس میں حصہ لیتے ہوئے وزیر اعلیٰ کا مزاج بھنا گیا، کیونکہ ممتا کے شروع کرتے ہی اسمبلی میں موجود بدتمیز بی جے پی کے رکن نے ہنگامہ مچانا شروع کر دیا۔ اور بار بار ان کی بات کو کاٹتے رہے، جس کی وجہ سے بار بار اجلاس میں رخنہ پڑتا رہا۔ اور ممتا بنرجی کو مشکلات پیش آتی رہی جھلا کر انہوں نے وہ بات کہی جو بی جے پی پر بالکل چست بیٹھتا ہے۔ کہا کہ بی جے پی بنگال کی ترقی کا ازلی دشمن ہے۔ یہ میرے بنگلہ بولنے پر اعتراض کرتے ہیں اور رکاوٹ پیدا کرتے ہیں، یہ بھگوا پارٹی دراصل ووٹ چور ہیں اور بدعنوانی کے استاد، اگر ان کی فطرت یہی رہی تو یہ بنگال میں بری طرح سے ہاریں گے۔ ایک سیٹ بھی نہیں لے پائیں گے۔ بعد ازاں ممتا نے یہ بھی کہہ ڈالی کہ یہ فرقہ پرست پارٹی عام لوگوں پر تشدد کرنے کے لئے ہی پیدا ہوئے ہیں، یہ سارے غارتگر ہیں، ملک میں تبدیلی لانا چاہتے ہیں تو یہ تب ہی ہوگا جب اس ملک سے بی جے پی ہٹے گا تبھی دیش بچے گا۔ اب وہ دن دور نہیں جب ان کو ان کئے کا پھل خود یہاں کے عوام اپنے ووٹوں سے دیدیں گے۔ تب یہ صفر ہو جائیں گے۔

بقیہ: ملک کی تاریخ
ریکارڈ جی ایس ٹی کلیکشن پر جشن مناتی ہے، جیسے عوام سے زیادہ ٹیکس وصولنا کوئی بڑی کامیابی ہو۔
انہوں نے کہا کہ ''یہ حکومت نہ صرف کسانوں بلکہ عام آدمی پر بھی بوجھ ڈال رہی ہے۔ دودھ، دہی، آٹا، اناج، بچوں کی پینسل و کتابیں، آکسیجن، انشورنس اور اسپتال کے اخراجات تک پر جی ایس ٹی لگا دیا گیا ہے۔'' کھڑگے کے مطابق، کل جی ایس ٹی کلیکشن کا تقریباً 64 فیصد بوجھ غریبوں اور متوسط طبقے کی جیب سے آتا ہے، جب کہ ارب پتی طبقے سے صرف 3 فیصد جی ایس ٹی وصول کیا جاتا ہے۔
کارپوریٹ ٹیکس کے معاملے میں کھڑگے نے کہا کہ اس کی شرح 30 فیصد سے کم کر کے 22 فیصد کر دی گئی ہے۔ دوسری جانب پچھلے پانچ برسوں میں انکم ٹیکس وصولی میں 240 فیصد اور جی ایس ٹی وصولی میں 177 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ اس سے صاف ہے کہ حکومت نے غریب اور متوسط طبقے پر دباؤ بڑھایا جبکہ بڑی کمپنیوں کو چھوٹ دی گئی۔
کسانوں پر ٹیکس کے مسئلے کو اجاگر کرتے ہوئے انہوں نے کہا، ''یہ قدم کسان برادری کے خلاف ہے، جو پہلے ہی معاشی بحران سے گزر رہی ہے۔ ملک کی تاریخ میں ایسا پہلی بار ہوا ہے کہ کسانوں پر بھی ٹیکس کا بوجھ ڈالا گیا ہے۔'' کھڑگے نے کہا کہ اگرچہ حکومت نے آٹھ سال کی تاخیر کے بعد اب شرحوں میں توازن (ریٹ ریشنلائزیشن) کی بات کی ہے، لیکن اس کے اثرات ریاستوں کی آمدنی پر منفی ہوں گے۔ اس لیے ضروری ہے کہ 2024-25 کو بنیاد بنا کر ریاستوں کو پانچ برس تک معاوضہ دیا جائے۔

بقیہ: اسرائیل نے حماس
کے لیے سرحدی چوکیوں کو دوبارہ کھولنا اور تعمیر نو کی کوششوں کا آغاز بھی شامل ہوگا۔ حماس نے غزہ کے شہری امور کے انتظام کی فوری ذمہ داری لینے کے لیے ٹیکنوکریٹس پر مشتمل ایک آزاد قومی انتظامیہ کے قیام کی بھی حمایت کی۔
اس کے جواب میں، اسرائیلی وزیر اعظم بنجامن نیتن یاہو نے اس بیان کو "ایک وہم" قرار دیتے ہوئے مسترد کر دیا۔ اپنے دفتر سے جاری ایک بیان میں نیتن یاہو نے کہا کہ اسرائیل جنگ ختم کرنے پر تب ہی راضی ہوگا جب حماس غزہ کی پٹی پر مکمل اسرائیلی سیکیورٹی کنٹرول، حماس اور غزہ کو غیر مسلح کیے جانے، غیر فلسطینی انتظامیہ کا قیام اور تمام یرغمالیوں کی رہائی کو قبول کرے۔ اسرائیلی وزیر دفاع یسرائیل کاٹز نے بھی حماس کی پیشکش کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ فوج غزہ شہر پر قبضہ کرنے کے لیے "پوری طاقت سے "تیاری کر رہی ہے۔ کاٹز نے خبردار کیا کہ حماس "جلد ہی سمجھ جائے گا کہ اسے دو متبادل میں سے ایک کا انتخاب کرنا ہے: جنگ کے خاتمے کے لیے اسرائیل کی شرائط کو قبول کرنا۔ سب سے پہلے اور سب سے اہم تمام یرغمالیوں کی رہائی اور تخفیف اسلحہ۔ یا غزہ کو رفح اور بیت حنون جیسی ریاست میں دیکھنا۔ گزشتہ ماہ قطر کی طرف سے پیش کردہ تجویز کو قبول کرنے کے بعد، اسرائیل نے نہ تو جواب دیا اور نہ ہی اسے کابینہ کی منظوری کے لیے پیش کیا۔ گزشتہ ہفتے، نیتن یاہو نے کہا تھا کہ اسرائیل ایک جامع معاہدے پر غور کرے گا، لیکن انہوں نے یہ بھی اشارہ کیا کہ مستقبل قریب میں اس طرح کے معاہدے کو حتمی شکل نہیں دی جا سکتی۔ اسرائیل کے تقریباً دو سالہ حملے نے فلسطینی علاقے کو تباہ کر دیا ہے اور بڑے پیمانے پر فاقہ کشی کا سبب بنا ہے۔ غزہ کے صحت کے حکام کے مطابق اکتوبر 2023 سے اب تک اسرائیلی حملوں اور گولی باری کے نتیجے میں کم از کم 63,746 افراد ہلاک ہو چکے ہیں۔

چترنجن لوکو موٹیو ورکس
ای۔ ٹنڈر نوٹس
ٹنڈر نوٹس نمبر: پی سی ایم ایم/ سی ایل ڈبلو/ایچ ڈبلو ایچ/ای۔ پروکیورمنٹ / 47 بتاریخ 28/08/2025 پی سی ایم ایم/ سی ایل ڈبلو/ ہوڑہ سے صدر جمہوریہ ہند کی جانب سے الیکٹرونکس بڈس مطلوب ہے قائم مقام قابل اعتماد تیار کرنے والوں سے مندرجہ ذیل سپلائی، مندرجہ ذیل ای۔ ٹنڈر/ میٹریلس سپلائی کے لئے تیار کرنے والے الیکٹرک لوکوموٹیو سے متوقع/ پسندیدہ سپلائر سے درخواست ہے کہ وہ ویب سائٹ دیکھیں www.ireps.gov.in پوری تفصیلی ہدایات کے لئے۔ یہ سارے محض ای۔ ٹنڈر الیکٹرونک پیشکش بڈ کے لئے ہی قبول کیا جائے گا۔ سلسلہ نمبر، ٹنڈر نمبر، اسٹورس کی تفصیلات، تعداد، واجب وقت، ٹنڈر کی لاگت یوں ہیں [285]: 14253005 (1) قلیل تیار شدہ آئٹم (ایس ایس) ۔ 2/ کیٹگری۔ اسٹرکچرل برائے واگ-9 ایچ سی لوکو برائے سی ایل ڈبلو/ سی آر جے تا نمونہ/ ڈرائنگ نمبر (i) سی ایل ڈبلو/ ای ایس/ 3/ 0119/ جی (i i) [illegible]
13/09/2025، 0.00 روپے [287]: 31252684D پینل کے لئے کنکٹر کی جوڑی برائے واگ-9 کے مطابق ای-70 بریک سسٹم تا سی ایل ڈبلو نمونہ/ ڈرائنگ نمبر سی ایل ڈبلو/ ای ایس/ 3/ 0124/ 0 [سپلائی گنجائش کے لئے ڈاک ٹیب سے وابستہ] بمطابق ٹنڈر/ ڈکومنٹس، 15/09/2025، 0.00 روپئے [288] 14252530 (1) زمین واپسی برش مع برش ہولڈر اکائی (چھوڑ کر سلسلہ نمبر 05 و 06 برائے ڈرائنگ نمبر سی ایل ڈبلو/ ای ایس/ 3/ ایس کے۔ 1/ 0017/ ڈی) (2) کامل ڈسک مع اینس رپ اسکریو ایم 20x8 (سلسلہ نمبر 05 و 06 کا ڈرائنگ نمبر سی ایل ڈبلو/ ای ایس/ 3/ ایس کے-1/ 0117/ ڈی) کا زمینی واپسی برش مع برش ہولڈر اکائی [تعداد قابل برداشت (-/+): 5%، آئٹم کیٹگری، عام سا، کل پی او لاگت تنوع قابل اجازت ہوگا، کم سے کم 8 لاکھ]، بمطابق ٹنڈر/ ڈکومنٹس، 16/09/2025، 0.00 روپئے [289]: 23255078A (1) پن کوپلر اکائی کا سیٹ (2) 3 پن کوپلر مکمل [illegible]
PR3/195
Like us on: www.facebook.com/clwrailways

پوربی ریلوے
نمبر، ای سی/ٹی/ روہوٹک اے سی/او ٹی-16/ 2025-26 بتاریخ 30.08.2025 مندرجہ ذیل ای۔ ٹنڈر (کھلا ٹنڈر) نوٹس مطلوب ہے بذریعہ چیف ورکس منیجر پوربی ریلوے ورکشاپ، کنچڑا پاڑہ۔ پن۔ 743145 سے مندرجہ ذیل کام کے لئے ای ٹنڈر نمبر، ای سی۔ ٹی۔ آر اے سی۔ او ٹی۔ 16-25-26 کام کا نام و ان کے مقامات: باہری روہوٹک اے سی ڈکٹ صفائی اور حفظان صحت بذریعہ اوزون کے 144 اعداد، آئی سی ایف اے سی اور ایل ایچ بی اے سی بوگیوں میں دو (02) برسوں کے لئے کنچڑا پاڑہ ورکشاپ، پوربی ریلوے کے ماتحت شاپ-26 کے ڈپٹی، سی ای ای/ ڈبلو/ کے پی اے تنظیم بذریعہ کھلا ٹنڈر کا، کام کی تخمینہ لاگت: -/23,20,263.36 روپئے بشمول جی ایس ٹی ٹنڈر فارم کی لاگت: صفر ویب سائٹ سے ٹنڈر ڈکومنٹ کی دستیابی ہوگی: ٹنڈر ڈکومنٹ و دیگر تفصیلات ویب سائٹ سے حاصل ہوگا www.ireps.gov.in 29.08.2025 تا 22.09.2025 کو 03.00 بجے تک
زر بیعانہ برائے ادائیگی: -/46,400 روپئے
کام پورا ہونے کی مدت: 24 مہینے اشتہاری مدت: 29.08.2025 تا 22.09.2025 کو 03.00 بجے تک پیشکش داخل کرنے کی مدت: 08.09.2025 تا 22.09.2025 کو 03.00 بجے تک ٹنڈر بند ہونے کی تاریخ و وقت: 22.09.2025 کو 03.00 بجے تک ٹنڈر کھلنے کی تاریخ و وقت: 22.09.2025 کو 03.30 بجے
MISC-195/2025-26
ٹنڈر نوٹس ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہے www.er.indianrailways.gov.in / www.ireps.gov.in
Follow us at: @EasternRailway
@easternrailwayheadquarter

آسنسول وارڈ 84 میں سڑک کی تعمیر کا سنگ بنیاد

آسنسول: 4/ستمبر، (عوامی نیوز سروس): آسنسول میونسپل کارپوریشن کے وارڈ نمبر 84 میں 13,78,382 روپے کی لاگت سے تعمیر ہونے والی سڑک کا سنگ بنیاد رکھا گیا اس موقعے پر بورو چیئرمین ڈاکٹر دیباشیش سرکار نے وارڈ علاقے میں رکھا یہ سڑک اسماعیل پمپ ہاؤس سے ایس بی گورائی روڈ تک بنائی جائے گی اس موقع پر ڈاکٹر دیباشیش سرکار، ایم ایم آئی سی مانس داس، عطاء اللہ خان چھچھم بردوان ائمہ مساجد ایسوایشین کے چیئرمین سمیت دیگر بہت سے رہائشی موجود تھے۔ اس موقع پر ناریل توڑ کر سنگ بنیاد رکھا گیا اس دوران ڈاکٹر دیباشیش سرکار نے کہا کہ وزیراعلیٰ ممتا بنرجی کی قیادت میں ریاست میں ترقیاتی کام مسلسل جاری ہیں اور جب تک ممتا بنرجی وزیراعلیٰ کے طور پر یہاں ہیں تب تک ترقیاتی کام نہیں رک سکتے انہوں نے کہا کہ پہلے اس وارڈ میں بی جے پی کا ایک کونسلر تھا۔ لیکن یہاں کوئی کام نہیں ہوا لیکن ٹی ایم سی کونسلر کی آمد کے بعد یہاں مسلسل ترقیاتی کام جاری ہیں جو مستقبل میں بھی جاری رہیں گے۔

نعت پاک

بلندی سے برتر مقام محمدؐ
ہے عرش بریں زیر گام محمدؐ

محمدؐ کی رحمت سبھی کیلئے ہے
دکھوں کا مسیحا کلام محمدؐ

خدا نے بزرگی محمدؐ کو بخشی
بہت معتبر ہے مقام محمدؐ

محمدؐ کے صدقے میں دنیا بنی ہے
اجالوں کی بنیاد نام محمدؐ

سلم ان کو جنت کی کنجی ملے گی
رہے عمر بھر جو غلام محمدؐ

مہتاب سلم (کولکاتا)
8948966985

غیر قانونی کوئلے سے لدے تین ٹریکٹر ضبط

آسنسول: 4/ستمبر، (عوامی نیوز سروس): سی آئی ایس ایف اور ای سی ایل کی سیکورٹی ٹیم نے چورنگی پھانڑی علاقے میں چورنگی موڑ کے قریب ایک مشترکہ چھاپہ مارا اور سہ پہر تقریباً تین بجے غیر قانونی کوئلے سے لدے تین ٹریکٹروں کو ضبط کیا اس دوران ڈرائیور ٹیم کو دیکھ کر ٹریکٹر چھوڑ کر فرار ہو گئے ٹیم نے قبضے میں لیے گئے ٹریکٹر چورنگی پھانڑی کے حوالے کر دیے اور معاملے میں ٹریکٹر مالک اور ڈرائیور کے خلاف تحریری شکایت درج کروانے کی کارروائی کی جا رہی ہے۔ سی آئی ایس ایف کے کمانڈنٹ راہول یادو نے کہا کہ ایک مشترکہ چھاپے میں ہم نے ترپال سے ڈھکے ہوئے اور غیر قانونی کوئلے سے لدے تین ٹریکٹر ضبط کئے جسے چورنگی پھانڑی کے حوالے کر دیا گیا ہے۔ شکایت کی کارروائی جاری ہے واضح ہو کہ علاقے میں کوئلے کی غیر قانونی تجارت عروج پر ہے۔ زرائع کے مطابق علاقے کے بودرا، دماگوڈیا کولیری علاقوں میں کوئلے کی غیر قانونی کانکنی کے لیے چوہے کے ہال اور کنویں چلائے جا رہے ہیں جہاں سے کوئلہ نکالا جاتا ہے اور سائیکلوں، موٹر سائیکلوں اور ٹریکٹروں کے ذریعے علاقے کے کئی غیر قانونی کول ڈپو اور بھٹیوں کو سپلائی کیا جاتا ہے مبینہ طور پر مذکورہ ٹریکٹروں کا کوئلہ کھوکو گھوش نامی شخص کی کوئلہ بھٹی میں سپلائی کیا جا رہا ہے اور وہاں سے اسے اسٹاک پیپرز کے ذریعے ٹرکوں کے ذریعے دوسری ریاستوں اور بڑی فیکٹریوں میں بھیجا جا رہا ہے۔

آسنسول میں رائزنگ ڈے پر بیداری مارچ

آسنسول: 4/ستمبر، (عوامی نیوز سروس): مغربی بنگال پولس کے رائزنگ ڈے کے موقع پر، آسنسول میونسپل کارپوریشن چوراہے سے آسنسول آشرم چوراہے تک آسنسول درگاپور پولیس کمشنریٹ کے آسنسول ساؤتھ پولیس اسٹیشن کے ٹریفک محکمہ کے افسران اور دیگر افسران کے ذریعہ ایک بیداری جلوس نکالا گیا ٹریفک آفیسر نے بتایا کہ موٹر سائیکل ڈرائیوروں، فور وہیلر ڈرائیوروں اور بڑے ٹرک اور بس ڈرائیوروں سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ محفوظ طریقے سے گاڑی چلائیں، موٹر سائیکل چلانے والوں سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ ڈرائیونگ کے دوران ہیلمٹ پہنیں، فور وہیلر ڈرائیوروں سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ ڈرائیونگ کے دوران سیٹ بیلٹ باندھیں، اور شراب کے نشے میں ڈرائیونگ نہ کریں۔

ڈسٹرکٹ جج کا درگاپور کی نئی عدالتی عمارت کا دورہ، 6 ستمبر کو ہائی کورٹ کے چیف جسٹس کے ہاتھوں افتتاح

آسنسول: 4/ستمبر، (عوامی نیوز سروس): درگاپور محکمہ کیعدالت کی نئی عمارت کا افتتاح 6 ستمبر کو کیا جائے گا ڈسٹرکٹ جج نے عدالت کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر مختلف عدالتوں کے ججوں کے ساتھ انتظامی افسران کی ٹیم بھی موجود تھی بار ایسوسی ایشن کے صدر دیوورات سائی نے کہا کہ عدالت کا افتتاح 6 ستمبر کو ہائی کورٹ کے چیف جسٹس کے ساتھ ریاست کے وزیر قانون اور ضلع جج کریں گیلا اینڈ آرڈر کے کئی اہلکار موجود رہیں گیا فتتاح کے موقع پر سروجنی آڈیٹوریم میں ایک شاندار پروگرام کا انعقاد کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ عدالت کی نئی عمارت کا کام سال 2018 میں شروع کیا گیا تھا سات سال بعد عدالت کی نئی عمارت شروع ہونے جا رہی ہے جس کی وجہ سے عدالت کے وکلاء میں جوش و خروش عروج پر ہے۔ انہوں نے کہا کہ عدالت کی نئی عمارت کا باضابطہ افتتاح 6 ستمبر کو ہوگا۔ لیکن نئی عدالت کے اندر سجاوٹ کا کچھ کام باقی ہے جو دو ماہ میں مکمل کر لیا جائے گا جس کے بعد نئی عدالت میں مکمل مرحلے میں کام شروع ہو جائے گا بتایا جاتا ہے کہ درگاپور کی پرانی محکمہ کورٹ 70 کی دہائی میں تعمیر کی گئی تھی اس سے پہلے درگاپور کورٹ بھیرنگی سے متصل اولڈ کورٹ موڑ کے قریب واقع تھا۔ 70 کی دہائی سے، تین منزلہ عدالت کی عمارت میں محکمہ ایڈمنسٹریٹر کا دفتر، محکمہ ٹرانسپورٹ، محکمہ خزانہ، پوسٹ آفس، اور ACJM سمیت کئی عدالتیں ہیں ساٹھ سال پرانی عدالت کی عمارت ہونے کی وجہ سے عمارت مکمل طور پر خستہ حال ہو چکی ہے محکمہ ایڈمنسٹریٹر کا دفتر چند ماہ قبل منتقل کیا گیا ہے عدالت کی نئی عمارت کے افتتاح کے حوالے سے وکلاء میں جوش و خروش عروج پر ہے۔

پنڈیشور ٹریفک گارڈ کی جانب سے بیداری کی تربیت

آسنسول: 4/ستمبر، (عوامی نیوز سروس): زیادہ تر حادثات ان دنوں نوجوانوں کی لاپرواہی کی وجہ سے ہوتے ہیں اس لیے نوجوان سماج تک بیداری کا پیغام پہنچانے کے لیے یوم پولیس ہفتہ کے موقع پر سائبر سیل اور پنڈیشور ٹریفک گارڈ کی جانب سے پنڈبیشور پولیس اسٹیشن کالج میں ایک آگاہی کیمپ کا انعقاد کیا اس آگاہی اسکول سے کالج کے طالب علموں کو یہ سمجھایا جاتا ہے کہ وہ موٹر سائیکل چلاتے وقت ہیلمٹ ضرور پہنیں، آپ گاڑی چلاتے ہوئے موبائل فون پر بات نہ کریں ساتھ ہی انہوں نے اپنے گھر والوں کے ساتھ ساتھ پڑوسیوں کو بھی اس بارے میں آگاہ کیا۔ اس لیے سائبر فراڈ سے اپنے آپ کو کیسے بچایا جائے اس بارے میں آگاہی کے پیغامات دیے جاتے ہیں۔

برنپور کے سیل آئی ایس پی ملازمین کی سہولت کیلئے نیوٹاؤن میں گیٹ کا افتتاح

آسنسول: 4/ستمبر، (عوامی نیوز سروس): جمعرات کو نیوٹاؤن 16 نمبر روڈ پر ملازمین کی سہولت کے لیے گیٹ کا افتتاح کیا گیا ای ڈی ورکس دیپتیندو گھوش اور ای ڈی میٹریل ابھیک دے نے ربن کاٹا۔ اس موقع پر سی جی ایم ابھیندرا گھوش، ایش دت ایش ترافدار، ابھے کمار، پی کے موہنتی، جی ایم بھاسکر کمار، سی آئی ایس ایف کی طرف سے انیل ورما، انسپکٹر مہیش ناتھ پانڈے، کمپنی کمانڈر نہار رنجن بھیرا، ڈپٹی کمانڈنٹ وی پی سورین، اسسٹنٹ کمانڈنٹ این پی پوریا، آئی این ٹی یو سی سے راؤنند سنگھ، سریش داس، رمیش کمار، دھرمیندر یادو، پریتوش، انیل شاہ، بھگوت کمار، بھارتیہ مزدور سنگھ، شریکانت ساہ، سنجیت بنرجی وغیرہ موجود تھیاس موقع پر ای ڈی ورکس دیپتیندو گھوش نے کہا کہ کافی عرصے سے نیوٹاؤن علاقہ اور باہر سے آنے والے سیل آئی ایس پی کے کارکنان فیکٹری میں داخلے کے لیے گیٹ کا مطالبہ کر رہے تھے یہ مطالبہ آج پورا ہو گیا ہیاس گیٹ سے صرف سائیکل اور دو پہیہ گاڑیوں کو ہی داخل ہونے کی اجازت ہوگی۔ سی آئی ایس ایف کے ڈپٹی انسپکٹر جنرل پر بودھ چندرا نے کہا کہ پوری فیکٹری کی سیکورٹی سی آئی ایس ایف کے مضبوط کندھوں پر ہے جو بہت اچھی طرح سے کی جا رہی ہے اس گیٹ پر ہر وقت سی آئی ایس ایف تعینات رہے گا۔

درگاپور: آگ بجھانے والی مشین کی ری فلنگ کے دوران دھماکہ، علاقہ لرز اٹھا

آسنسول: 4رستمبر، (عوامی نیوز سروس): درگاپور سٹی سنٹر کے میکس ملر روڈ کے رہائشی دوپہر لرز گئے علاقہ گنجان آباد علاقے میں گھر کے اندر آگ بجھانے والے آلات کی ری فلنگ کا کام جاری تھا پھر اچانک ایک دھماکہ ہوتا ہےاس واقعہ میں ٹیکنیشن دیبراج سوم شدید زخمی ہو گئے اسے شدید زخمی حالت میں گاندھی موڑ کے ایک پرائیویٹ سپرا سپیشلٹی اسپتال میں داخل کرایا گیا ہے۔عینی شاہدین علاقہ مکین نے بتایا کہ دھماکے کی شدت اتنی تھی کہ پڑوس کے گھر کی کھڑکیوں کے شیشے ٹوٹ گئے آواز سن کر اہل علاقہ دوڑے آئے۔ پورے علاقے میں خوف و ہراس کی دوڑ شروع ہو جاتی ہے مکینوں کی شکایت، بار بار کہنے کے باوجود گھر کے اندر ایسا خطرناک کام نہیں روکا گیا مالک مکان نے ایسا نہیں کیا۔ بالآخر اندیشہ سچ ثابت ہوا اسی گھر میں جہاں دوپہر کو دھماکہ ہوا تھا، پڑوسی گھر کی رہائشی اندرانی سین پریشان تھی اس نے غصے سے کہا میں اس وقت باتھ روم میں تھا پھر ایک فلیش بلاسٹ ہوتا ہے۔ میرے گھر کی کھڑکی کا شیشہ ٹوٹ جاتا ہے کچھ سمجھ نہیں آ رہا تھا کہ کیا کریں۔ بعد میں میرے نوکرانی نے آ کر کہا ساتھ والے گھر میں دھماکہ ہوا ہے۔ ایک نوجوان زخمی ہوا بعد ازاں زخمی نوجوان کو خون بہہ رہا تھا، ہسپتال لے جانا پڑا۔اس طرح روزگار کے نام پر گوٹا پڈھا اپنی زندگی ہاتھ میں لے کر گزار رہا ہے۔اس واقعے کے بعد زخمی نوجوان کے ساتھی آزاد خان نے دعویٰ کیا کہ آگ بجھانے والا پرانا تھا۔ یہ نائٹروجن بھرنے کے دوران ضرورت سے زیادہ دباؤ میں پھٹ جاتا ہے دیبراج بابو کے ہاتھ اور پیٹ پر شدید چوٹیں آئیں۔ فطری طور پر سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا گھنے رہائشی علاقے میں ایسے کام ہوتے ہیں؟۔ کیا آپ کے پاس کام کرنے کا اجازت نامہ ہے؟

نعت پاک

حقیر ڈاکٹر ارشاد برکاتی

نظر میں گنبد خضرا ہے دل محو عبادت ہے
ہمارے سامنے ہر دم بہار باغ جنت ہے

تیرے جلووں میں جلووں کی نمایاں عشق وحدت ہے
تیرا افکار ہی ہر گام پہ باب شریعت ہے

امام انبیا کی شان اور ہیں سرور کونین
کرشمے کو ہمیشہ معجزے کی بھی ضرورت ہے

ادب چلتا ہے کوئے عشق میں تو با وضو ہو کر
وضو روحوں کا کرنا تو یہ نفسانی ملامت ہے

حقیقت جسم کی اور روح کی معراج تھی انکی
خدا سے روبرو ہونا یہ تیری ہی سعادت ہے

ہمیں بھی قرض دیدو کچھ گناہوں کی اگر چاہو
نگاہیں مصطفےٰ کی مجھ پہ ہونا ہی شفاعت ہے

خدا کے دشمنوں سے دشمنی رکھنا عبادت ہے
خدا را یہ عبادت ہی نہیں روح عبادت ہے

ہزاروں غم کے ہونے سے میرا کیا آتا جاتا ہے
یہاں ارشاد کی املاک نبی سے میری الفت ہے



بنگالی ہراسانی معاملے پر اسمبلی میں بھاجپا کا ہنگامہ، 5 اراکین اسمبلی معطل

کولکاتا،4رستمبر: (عوامی نیوز سروس) بنگالی ہراسانی کے معاملے پر اسمبلی کا خصوصی اجلاس ہنگامہ خیز ہوگیا۔ جیسے ہی وزیر اعلیٰ نے تقریر شروع کی تو بی جے پی ممبران اسمبلی نے ہنگامہ شروع کر دیا۔ اسپیکر بمان بنرجی کے بار بار انتباہ کے باوجود ہنگامہ جاری رہا۔ اس لیے بی جے پی کے اراکین اسمبلی شنکر گھوش، اگنی مترا پال، مہر گوسوامی اور بنکم گھوش کو معطل کر دیا گیا۔ اس کے علاوہ اشوک ڈنڈا کو اگلے سیشن کے لیے معطل کر دیا گیا ہے۔ اس سے قبل اپوزیشن لیڈر شوبھندو ادھیکاری کو بھی گزشتہ سوموار کو معطل کر دیا گیا تھا۔ واضح رہے کہ دوسری ریاستوں میں بنگالیوں کو ہراساں کرنے کے الزامات کو لے کر سیاسی حلقوں میں کافی دباؤ ہے۔ اس معاملے پر بحث کے لیے گزشتہ سوموار سے اسمبلی میں خصوصی اجلاس جاری ہے۔ جمعرات کو وزیر اعلیٰ نے جیسے ہی بولنا شروع کیا تو بی جے پی نے انہیں روک دیا۔ ممتا بنرجی نے اسپیکر سے کہا کہ بی جے پی ایم ایل اے کو روکیں اور مجھے بولنے دیں۔ اسپیکر نے حکم دیا۔ تب بھی بی جے پی کے ممبران اسمبلی نے کوئی بات نہیں کی۔ اس کے بجائے وہ چیخنے لگے۔ بی جے پی ایم ایل اے شنکر گھوش کی قیادت میں ہنگامہ شروع ہو گیا۔ اسپیکر نے بار بار شنکر کو خبردار کیا۔ تاہم، شنکر اور دیگر بی جے پی ایم ایل اے نے شور مچانا جاری رکھا۔ اس کے بعد شنکر کو دفعہ 348 کے تحت معطل کر دیا گیا۔ اسپیکر نے مارشل کو بلایا اور انہیں اسمبلی سے باہر نکالنے کا حکم دیا۔ اس دوران بی جے پی ایم ایل اے زمین پر گر پڑے۔ مارشلوں کے ساتھ ہاتھا پائی شروع ہو گئی۔ بی جے پی کے دیگر ممبران اسمبلی نے شنکر کو گھیر لیا اور کاغذات پھینکنے لگے۔ مارشلز کے ساتھ کچھ دیر ہاتھا پائی بھی ہوئی۔ آخرکار شنکر کو تقریباً باہر دھکیل دیا گیا۔ اس کے بعد وزیر اعلیٰ نے بولنا شروع کیا۔ صورتحال پھر سے گرم ہو گئی۔ وہ اپنی نشستیں چھوڑ کر شور مچانے لگے۔ انہوں نے بی جے پی کے خلاف چور کے نعرے لگانے شروع کر دیئے۔



انڈیا اور افغانستان کے درمیان کافا کپ کا میچ بنا گول کے ڈرا

ایران اگر تاجکستان کو شکست دیدے تو انڈیا کا اگلا راؤنڈ میں جانا طے

حسور (تاجکستان)، 4 ستمبر: خالد جمیل کی کوچنگ والی ٹیم انڈیا نے کافا نیشن کپ میں اپنے تیسرے میچ میں افغانستان کے ساتھ بنا گول کے ڈرا کیا اور اس ڈرا سے اس کے چار پوائنٹ بن گئے ہیں اور انڈیا کے ناک آؤٹ میں جانے کی امید پیدا ہوگئی ہے اگر آج ہی رات کو کھیلے گئے میچ میں ایران اپنے آخری میچ میں تاجکستان کو ہرا دے۔ چونکہ تاجکستان نے افغانستان کے خلاف کامیابی حاصل کی تھی اور اس کے پاس تین پوائنٹ ہیں اور گول اوسط میں وہ انڈیا سے بہتر ہے اگر وہ ایران سے ڈرا بھی کرتا ہے تو بہتر گول اوسط کی بنیاد پر اسے ناک آؤٹ میں جانے کا موقع مل سکتا ہے۔ لہذا انڈیا کو اس پر امید رکھنی چاہیے کہ ایران۔ تاجکستان کو شکست دیدے تو پھر انڈیا کے لئے سکنڈ راؤنڈ ناک آؤٹ میں جانے کا موقع مل سکتا ہے انڈیا کی طرف سے آج کئی مرتبہ گول کے مواقع پیدا ہوئے مگر کسی نہ کسی غلطی کی وجہ سے وہ گول میں تبدیل نہ ہوسکے۔ بہر کیف ایران ایک مضبوط ٹیم ہے اور تاجکستان کو شکست دے سکتا ہے لیکن اس کا ڈرا کرنا انڈیا کو بہت مشکل پڑسکتا ہے۔

ای ڈی نے شیکھر دھون کو کیا طلب، غیر قانونی سٹے بازی ایپ کے معاملے میں ہوگی پوچھ گچھ

4 ستمبر: سابق ہندوستانی کرکٹر شکھر دھون مشکلوں میں پھنس گئے ہیں۔ ایک غیر قانونی سٹے بازی ایپ سے جڑی منی لانڈرنگ جانچ کے سلسلے میں پوچھ گچھ کے لیے ای ڈی نے انہیں طلب کیا ہے۔ نیوز ایجنسی پی ٹی ا؟ئی نے جمعرات کو افسروں کے حوالے سے یہ اطلاع دی۔ ای ڈی اس معاملے میں پہلے بھی کچھ کرکٹروں سے پوچھ گچھ کر چکی ہے، جن میں سابق بائیں ہاتھ کے بلے باز سریش رینا کا نام بھی شامل ہے۔ ای ڈی نے 8 گھنٹے تک رینا سے پوچھ گچھ کرکے ان کا بیان درج کیا تھا۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ مرکزی جانچ ایجنسی 1xBet نامی غیر قانونی سٹے بازی ایپ سے جڑی اس جانچ کے حصے کے طور پر پی ایم ایل اے کے تحت شکھر دھون کا بیان درج کرے گی۔ ایسا مانا جا رہا ہے کہ 39 سالہ شکھر دھون کچھ اشتہارات کے ذریعہ اس ایپ سے جڑے ہوئے تھے۔ ای ڈی پوچھ گچھ کے دوران اس ایپ سے ان کے تعلقات کا پتہ لگانا چاہتی ہے۔

ای ڈی نے سریش رینا سے ایپ سے ان کے تعلقات، اس کی تشہیر سے ہوئی کمائی اور دونوں فریقوں کے درمیان مواصلات کے ذرائع کے بارے میں سوالات کیے تھے۔ یہی شکھر دھون کے ساتھ بھی ہونے والا ہے۔ ایجنسی نے اس معاملے میں گوگل اور میٹا کے نمائندگان کو بھی پوچھ گچھ کے لیے بلایا تھا۔

ای ڈی غیر قانونی سٹے بازی ایپ سے جڑے کئی ایسے معاملوں کی جانچ کر رہی ہے جن پر کئی لوگوں اور سرمایہ کاروں سے کروڑوں روپے ٹھگی کرنے یا بڑے پیمانے پر چوری کرنے کا الزام ہے۔ واضح رہے کہ حال ہی میں مرکزی حکومت نے ایک قانون لاکر اصلی پیسے والی آن لائن گیمنگ پر پابندی لگا دی ہے۔ ایسے میں اب آگے اس طرح کے ایپس کی نہ کوئی تشہیر ہوگی اور نہ ہی اسے ہندوستان میں جائز طور سے استعمال کیا جا سکے گا۔

جی ایس ٹی کے نئے التزام سے 'مہنگے' ہوں گے آئی پی ایل کے ٹکٹ

نئی دہلی، 4 ستمبر (یواین آئی) میدانوں میں جاکر آئی پی ایل دیکھنا اب مزید مہنگا ہوگیا ہے کیونکہ حکومت ہند نے آئی پی ایل کے ٹکٹوں پر گڈس اینڈ سروس ٹیکس (جی ایس ٹی) کو 28 فیصد سے بڑھا کر 40 فیصد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ 1000 روپے کی بنیادی قیمت والے ٹکٹ کی آخری قیمت اب جی ایس ٹی کے ساتھ 1,280 روپے سے بڑھ کر 1,400 روپے ہوجائے گی۔ اس اضافے کے ساتھ، آئی پی ایل اب جی ایس ٹی کے سب سے بڑے بریکٹ میں آ گیا ہے جس میں کیسینو، ریس کلب یا کوئی بھی ایسی جگہ جہاں کیسینو یا ریس کلب ہوتے ہیں شامل ہے۔ تاہم ملک میں انٹرنیشنل کرکٹ میچ دیکھنے جانے والوں کے لیے راحت کا امکان ہے۔ ان میچوں کے ٹکٹوں پر وہی آئی پی ایل ٹکٹوں کے برابر ہی 28 فیصد جی ایس ٹی لگتا تھا، لیکن اب یہ سلیب ہٹا دیا گیا ہے۔ پریس انفارمیشن بیورو کے سرکلر میں، ٹیکس کی شرح میں تبدیلی کے بارے میں معلومات فراہم کرتے ہوئے، صرف "آئی پی ایل جیسے کھیلوں کے مقابلوں" کا ہی ذکر ہے۔ مالیاتی اور کاروباری پبلیکیشنز نے اس کا مطلب یہ لیا ہے کہ کرکٹ کے دوسرے میچز اب دوسرے "تسلیم شدہ کھیلوں کے مقابلوں" کے زمرے میں آسکتے ہیں۔ اب تک، 500 روپے سے زیادہ کے دیگر تسلیم شدہ کھیلوں کے ٹکٹوں پر 18 فیصد جی ایس ٹی لگ رہا ہے۔ 500 روپے سے کم کے ٹکٹ جی ایس ٹی سے مستثنیٰ ہیں۔ لہذا، مستقبل قریب میں بین الاقوامی میچوں اور دیگر سرکاری لیگز کے ٹکٹ سستے ہوسکتے ہیں۔ فی الحال اگر کسی بین الاقوامی کرکٹ میچ کے ٹکٹ کی بنیادی قیمت 1000 روپے ہے تو ٹیکس سمیت اس کی قیمت 1280 روپے ہے، اس نئی تبدیلی سے یہی قیمت کم ہوکر 1180 روپے ہوجائے گی۔

نارائن جگدیشن کی ناقابل شکست سنچری، ساؤتھ زون 297/3

بنگلورو، 4 ستمبر (یواین آئی) نارائن جگدیسن (ناٹ آؤٹ 148) کی سنچری اننگ کی بدولت ساؤتھ زون نے جمعرات کو دلیپ ٹرافی

کے پہلے سیمی فائنل میں نارتھ زون کے خلاف اسٹمپ تک تین وکٹ پر 297 رن بنا کر اپنی پوزیشن مضبوط کر لی ہے۔ آج یہاں نارتھ زون نے ٹاس جیت کر پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ بلے بازی کرنے اتری ساؤتھ زون کے لئے نارائن جگدیسن اور تنمے اگروال کی اوپننگ جوڑی نے اچھی شروعات کرتے ہوئے پہلے وکٹ کے لیے 103 رنز جوڑے۔ 32ویں اوور میں نشانت سندھو نے تنمے اگروال (43) کو بولڈ کرکے اس شراکت کو توڑا۔ اس کے بعد بلے بازی کے لیے آئے دیودت پڈیکل نے نارائن جگدیشن کے ساتھ دوسرے وکٹ کے لیے 128 رنز جوڑ کر ٹیم کو بڑے اسکور کی طرف گامزن کیا۔ 60ویں اوور میں انشول کمبوج نے دیودت پڈیکل (57) کو آؤٹ کرکے پویلین بھیج دیا۔ 68ویں اوور میں سندھو نے موہت کالے (15) کو آؤٹ کرکے ساؤتھ زون کو تیسرا جھٹکا دیا۔ دن کا کھیل ختم ہونے کے وقت ساؤتھ زون نے 81 اوورز میں 3 وکٹوں پر 297 رنز بنالئے ہیں اور نارائن جگدیشن) ناٹ آؤٹ 148 (اور کپتان محمد اظہر الدین (ناٹ آؤٹ 11) کریز پر موجود تھے۔ نارتھ زون کی جانب سے نشانت سندھو نے دو اور انشول کمبوج نے ایک وکٹ حاصل کیا۔

رتوراج گائیکواڑ کی سنچری اننگ سے ویسٹ زون بڑے اسکور کی طرف گامزن

بنگلورو، 4 ستمبر (یواین آئی) رتوراج گائیکواڑ (184) کی سنچری اور تنوش کوٹیان (ناٹ آؤٹ 65) کی نصف سنچری اننگز کی بدولت ویسٹ زون نے جمعرات کو دلیپ ٹرافی کے دوسرے سیمی فائنل میں سنٹرل زون کے خلاف چھ وکٹ کے نقصان پر 363 رن بنا کر بڑے اسکور کی طرف قدم بڑھا دیا ہے۔ آج یہاں ویسٹ زون نے ٹاس جیت کر پہلے بلے بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ بلے بازی کرنے اتری ویسٹ زون کی شروعات بہت خراب رہی اور اس نے اپنے دونوں اوپنرز کو 10 رنز کے اسکور پر کھو دیا۔ یشسوی جیسوال (چار) اور ہاردک دیسائی (ایک) رن بنانے کے بعد آؤٹ ہوئے۔ اس کے بعد آریہ دیسائی اور رتوراج گائیکواڑ کی جوڑی نے اننگ کو سنبھالنے کی کوشش کی۔ دونوں بلے بازوں کے درمیان تیسرے وکٹ کے لیے 82 رنز کی شراکت ہوئی۔ 27ویں اوور میں ہرش دوبے نے آریہ دیسائی (39) کو آؤٹ کرکے شراکت کا خاتمہ کیا۔ شریاس ائیر (25) اور شمس ملانی 18 رنز بنانے کے بعد آؤٹ ہوئے۔ اس دوران رتوراج گائیکواڑ ایک اینڈ کو تھامے ہوئے مسلسل رنز بناتے رہے۔ اس کے بعد بیٹنگ کے لیے آئے تنوش کوٹیان نے رتوراج گائیکواڈ کے ساتھ چھٹے وکٹ کے لیے 148 رنز جوڑے۔ 75ویں اوور میں سارانش جین نے ڈبل سنچری کی طرف بڑھ رہے رتوراج گائیکواڈ کو وکٹ کیپر اوپیندر یادو کے ہاتھوں اسٹمپڈ کروا کر ویسٹ زون کو بڑا جھٹکا دیا۔ رتوراج گائیکواڈ نے 206 گیندوں پر 184 رنز کی اننگ کھیلی جس میں 25 چوکے اور ایک چھکا لگایا۔ دن کا کھیل ختم ہونے پر ویسٹ زون نے چھ وکٹوں پر 363 رنز بنالیے ہیں۔ تنوش کوٹیان 65) ناٹ آؤٹ) اور کپتان شاردول ٹھاکر 24) ناٹ آؤٹ) کریز پر موجود تھے۔ سینٹرل زون کی جانب سے خلیل احمد اور سارانش جین نے دو دو وکٹیں حاصل کیں۔ دیپک چاہر اور ہرش دوبے نے ایک ایک بلے باز کو آؤٹ کیا۔

بلغ العلیٰ بکمالہٖ
کشف الدجیٰ بجمالہٖ
حسنت جمیع خصالہٖ
صلوا علیہ وآلہٖ

آقائے نامدار فخر موجودات
نبی کریمؐ کے جشن ولادت وباسعادت کے پرمسرت موقع پر
دل کے بے پناہ گہرائیوں سے

جشن عید میلاد النبیؐ

کی پرخلوص مبارکباد

منجانب

باپوجی کیک

BAPUJI ®
GOODNESS OF HEALTH

عید میلادالنبی کے موقع پر باپو.جی کیک کے ساتھ
ہر لمحے کو یادگار بنائیں

ٹریڈ مارک نمبر
476370
دیکھنے کے بعد
خریدیں۔

N-B
لوگو کو دیکھ کر
خریدیں۔

REGD. TRADE MARK NO. 476370
R
لوگو کو دیکھ کر
خریدیں۔

نیو ہوڑہ بیکری (باپوجی کیک) پرائیویٹ لمیٹیڈ

Published and Printed by Prem Shankar for AAWAMI NEWS, 30, Chittaranjan Avenue, 4th Floor, Kolkata - 700012 Printed at Saraswati Print Factory Pvt. Ltd. - 789, Chowbhaga West, Near Chaina Mandir, Kolkata- 700105, Editor-Prem Shankar, News Editor : Khurshid Akhter Farazi, - RNI No. WBURD/2014/56804
پرنٹر و پبلیشر شری پریم کے ذریعہ 30، چترنجن ایونیو، چوتھی منزل، کولکاتا۔12، سرسوتی پرنٹ فیکٹری پرائیوٹ لمیٹیڈ۔ 789، چوبھاگا ویسٹ نزد: چائنا مندر، کولکاتہ۔ 105 سے شائع۔ ایڈیٹر: پریم شنکر، نیوز ایڈیٹر: خورشید اختر فرازی۔(پی آر بی ایکٹ کے تحت خبروں کے انتخاب کے لئے جوابدہ) RNI WBURD/2014/56804